ڈاکٹر اسرار احمد

کی تازہ تالیف

سابقہ اور موجودہ
مُسلمان اُمتوں کا ماضی، حال اور مستقبل
اور
مسلمانانِ پاکستان کی خصوصی ذمہ داری

فہرست مضامین

- ہیں آج کیوں ذلیل؟
- قرآن کا قانون عذاب
- سابقہ اور موجودہ مسلمان امتیں اور سابقہ امت یعنی یہود کی دو ہزار سالہ تاریخ
- موجودہ امت مسلمہ کی چودہ سو سالہ تاریخ
- بیسویں صدی عیسوی
- ابراہیمی مذاہب کا ثالث ثلاثہ
- آنے والے دور کی واضح تصو
- اسلام کا عالمی غلبہ
- پندرہویں صدی ہجری
- خلیج کی جنگ: "جنگوں کی ماں"؟
- پاکستان کا مستقبل
- ہماری نجات کا واحد ذریعہ
- احادیث کی تخریج

☆ صفحات ۱۷۶ —— ☆ سفید کاغذ —— ☆ دیدہ زیب

قیمت:۔/۳۶

مکتبہ مرکزی انجمن خدام القرآن: ۳۶۔ کے ماڈل ٹاؤن لاہور۔ فون:

لائبریری
ماڈل ٹاؤن لاہور

وَمَنْ يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا

(البقرۃ: ۲۶۹)

ماہنامہ

حکمتِ قرآن

لاہور

بیادگار: ڈاکٹر محمد رفیع الدین، ایم اے، پی ایچ ڈی، ڈی لٹ، مرحوم

مدیر اعزازی: ڈاکٹر ابصار احمد، ایم اے، ایم فل، پی ایچ ڈی

معاون مدیر: حافظ عاکف سعید، ایم اے (فلسفہ)

ادارۂ تحریر

پروفیسر حافظ احمد یار، حافظ خالد محمود خضر

جلد ۱۳ | رجب المرجب ۱۴۱۴ھ، جنوری ۱۹۹۴ء | شمارہ ۱

یکے از مطبوعات

مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور

۳۶-کے، ماڈل ٹاؤن، لاہور ۱۴- فون: ۸۵۶۰۰۳

کراچی آفس: ۱۱-داؤد منزل متصل شاہ بحری، شاہراہ لیاقت کراچی فون: ۲۱۶۵۸۶

سالانہ زرِ تعاون ۶۰/- روپے، فی شمارہ ۶/- روپے

مطبع: آفتاب عالم پریس، ہسپتال روڈ لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حرفِ اول

"حکمت قرآن" کے ادارتی صفحات میں ہم مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کی مختلف تعلیمی اسکیموں اور ان کے ضمن میں ہونے والی پیش رفت سے وقتاً فوقتاً قارئین کو آگاہ کرتے رہتے ہیں۔ اس ضمن میں اطلاعی نوعیت کی دو باتوں کا تذکرہ دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔

۱) پچھلے دنوں قرآن کالج کے سال دوم کے ایک طالب علم محبوب الحق عاجز نے کل پاکستان مضمون نویسی کے ایک مقابلے میں اول انعام حاصل کیا ہے۔ مضمون نویسی کا یہ مقابلہ ادارہ منہاج القرآن کے زیر اہتمام منعقد ہوا اور اس میں پاکستان بھر سے ایک بڑی تعداد میں کالج کے طلبہ نے حصہ لیا۔ عنوان تھا "نبی اکرم ﷺ بحیثیت پیغمبرِ انقلاب"۔ نتیجے کی جو نقل ہمیں موصول ہوئی ہے اس کے مطابق منصفین کے متفقہ فیصلے کے مطابق محبوب الحق عاجز اول قرار پائے، جبکہ گورنمنٹ کالج آف سائنس ایجوکیشن لاہور کے ظفر اقبال محسن دوسری پوزیشن کے اور جامعہ اسلامیہ منہاج القرآن کے شبیر احمد تیسری پوزیشن کے حقدار قرار دیئے گئے۔ یہ مقابلہ چونکہ کُل پاکستان بنیاد پر تھا اور اس میں پاکستان بھر سے طلبہ شریک بھی ہوئے لہٰذا قرآن کالج کے ایک طالب علم کا اول انعام حاصل کرنا نہ صرف یہ کہ بحمد اللہ کالج کے وقار میں اضافے کا باعث بنا ہے بلکہ اس ذریعے سے قرآن کالج بھی ایک وسیع تر حلقے میں متعارف ہوا ہے جو بہت سے اعتبارات سے خوش آئند ہے۔

۲) عربی زبان کی تعلیم و تدریس کا وسیع پیمانے پر اہتمام مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کے اہداف و مقاصد کی فہرست میں ہمیشہ نمایاں مقام کا حامل رہا ہے کہ قرآن حکیم سے براہ راست کسبِ ہدایت کرنے کے لئے عربی زبان کی اتنی تحصیل ناگزیر ہے کہ پڑھنے والا بغیر کسی ترجمے کی مدد کے قرآن کا مفہوم اخذ کرتا چلا جائے جس کے لئے قرآنی اصطلاح "تذکّر بالقرآن" کی ہے۔ چنانچہ مرکزی انجمن کی تشکیل کے بعد جو فوری عملی اقدامات کئے گئے ان میں انجمن کے سابق دفتر ۱۲/ افغانی روڈ، سمن آباد میں کلّیۃ القرآن کے نام سے عربی کلاسوں کا اجراء بھی شامل تھا۔ آج کل بھی قرآن اکیڈمی کے ایک سالہ رجوع الی القرآن کورس میں سب سے زیادہ زور عربی سیکھنے پر دیا جاتا ہے اور قرآن کالج کے طلبہ کو بھی عربی زبان ایک لازمی مضمون کے طور پر پڑھائی جاتی ہے۔ علاوہ ازیں گاہے بگاہے شام کے اوقات میں بھی ان لوگوں کے لئے کہ جو ایک سالہ کورس کے لئے وقت فارغ نہ کر سکتے ہوں، عربی کلاس کا اجراء کیا جاتا رہا ہے۔ تاہم شام کی کلاس کا تجربہ کچھ زیادہ حوصلہ افزا ثابت نہیں

(باقی صفحہ ۷ پر)

ڈاکٹر اسرار احمد

سورۂ ہود

(آیات ۷۷—۸۰)

نَحْمَدُہٗ وَ نُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْم ۔ اما بعد

فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ○ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ○

وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِیْٓءَ بِہِمْ وَضَاقَ بِہِمْ ذَرْعًا وَّ
قَالَ ھٰذَا یَوْمٌ عَصِیْبٌ ○ وَجَآءَہٗ قَوْمُہٗ یُھْرَعُوْنَ اِلَیْہِ ط
وَمِنْ قَبْلُ کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ السَّیِّاٰتِ ط قَالَ یٰقَوْمِ ھٰٓؤُلَآءِ بَنَاتِیْ
ھُنَّ اَطْھَرُ لَکُمْ فَاتَّقُوا اللّٰہَ وَلَا تُخْزُوْنِ فِیْ ضَیْفِیْ ط اَلَیْسَ مِنْکُمْ
رَجُلٌ رَّشِیْدٌ ○ قَالُوْا لَقَدْ عَلِمْتَ مَا لَنَا فِیْ بَنٰتِکَ مِنْ حَقٍّ ج وَ
اِنَّکَ لَتَعْلَمُ مَا نُرِیْدُ ○ قَالَ لَوْ اَنَّ لِیْ بِکُمْ قُوَّۃً اَوْ اٰوِیْ اِلٰی رُکْنٍ شَدِیْدٍ ○

"اور جب ہمارے پیغامبر لوطؑ کے پاس پہنچے تو وہ ان کے بارے میں بہت غمگین اور مضطرب ہوا اور اس نے کہا کہ آج کا دن تو بہت ہی کٹھن ہے۔ اور آئے اس کے پاس اس کی قوم کے لوگ بگٹٹ دوڑتے ہوئے، اور بدکاری کے تو وہ پہلے سے خوگر تھے ہی، اس نے کہا: "اے میری قوم کے لوگو! یہ میری بیٹیاں ہیں، وہ تمہارے لیے کہیں زیادہ پاکیزہ ہیں، پس اللہ کا خوف کھاؤ اور مجھے میرے مہمانوں کے معاملے میں رسوا نہ کرو۔ کیا تم میں کوئی ایک بھی شریف آدمی نہیں رہا ہے؟" انہوں نے جواب دیا: "تجھے خوب معلوم ہے کہ تیری بیٹیوں پر ہمارا کوئی حق نہیں اور تجھے یہ بھی خوب معلوم ہے کہ ہم کس چیز کے طالب ہیں!" لوطؑ نے کہا: "کاش خود میرے پاس تمہارے مقابلے کے لیے قوت ہوتی یا میں کسی مضبوط سہارے کی پناہ ہی حاصل کر سکتا!"

قرآن حکیم میں مکی سورتوں کا طویل ترین سلسلہ وہ ہے جو سورۂ یونس سے سورۂ مومنون تک پھیلا ہوا ہے۔ اس سلسلے کی پہلی دو سورتوں یعنی سورۂ یونس اور سورۂ ہود میں ایک حسین جوڑے کی نسبت بتمام و کمال موجود ہے۔ چنانچہ "انباء الرسل" یعنی اولوالعزم رسولوں کے حالات کے ضمن میں بھی ان دونوں سورتوں میں عکسی نسبت پائی جاتی ہے۔ قرآن حکیم میں اس ضمن میں جن چھ رسولوں کے حالات اور ان کی قوموں کے انجام کا ذکر بتکرار و اعادہ آیا ہے ان میں سے اوّلین یعنی حضرت نوحؑ کا ذکر سورۂ یونس میں تقریباً نصف رکوع میں ہے، لیکن سورۂ ہود میں پورے دو رکوعوں میں' اور آخری یعنی حضرت موسیٰؑ کا ذکر سورۂ یونس میں تقریباً ڈیڑھ رکوعوں پر پھیلا ہوا ہے تو سورۂ ہود میں درجۂ اجمال سے ہے۔ اسی طرح درمیانی چار رسولوں یعنی حضرت ہودؑ، حضرت صالحؑ، حضرت لوطؑ اور حضرت شعیبؑ کا ذکر سورۂ یونس میں بغیر نام لیے نہایت اجمال سے صرف ایک آیت میں ہو گیا ہے جبکہ سورۂ ہود میں ان سب کے لیے ایک ایک رکوع مخصوص ہے۔

جن آیات کا ترجمہ ابھی آپ نے سماعت فرمایا ہے وہ سورۂ ہود کے ساتویں رکوع میں شامل ہیں۔ اس رکوع میں قرآن مجید کی بعض دوسری سورتوں کی طرح حضرت لوطؑ جس قوم کی جانب مبعوث ہوئے تھے اس کے انجام بد کے ذکر کی تمہید کے طور پر حضرت ابراہیمؑ کا ذکر بھی آیا ہے۔ یعنی وہ فرشتے جو اس قوم کی ہلاکت کے حکمِ الٰہی کی تنفیذ کے لیے بھیجے گئے تھے ان کی طرف جانے سے قبل حضرتِ ابراہیمؑ کے پاس حضرت اسحٰقؑ کی ولادت کی خوشخبری پہنچانے آئے تھے اور اسی موقع پر انہوں نے حضرت ابراہیمؑ کو مطلع کر دیا تھا کہ جن بستیوں کی جانب حضرت لوطؑ مبعوث ہوئے ہیں اب ان کی آخری ہلاکت کا وقت آ پہنچا ہے جس پر حضرت ابراہیمؑ نے اپنی نرم دلی کے باعث ان سے کچھ مجادلہ بھی کیا جس کا آخری جواب انہیں یہ ملا کہ "یٰۤاِبۡرٰهِيۡمُ اَعۡرِضۡ عَنۡ هٰذَا ۚ اِنَّهٗ قَدۡ جَآءَ اَمۡرُ رَبِّكَ ۚ وَاِنَّهُمۡ اٰتِيۡهِمۡ عَذَابٌ غَيۡرُ مَرۡدُوۡدٍ ۝ "یعنی اے ابراہیمؑ اب اس معاملے سے قطع نظر کر لو، اس لیے کہ تمہارے رب کا حکم صادر ہو چکا ہے اور اب ان لوگوں پر وہ عذاب آ کر ہی رہے گا جو کسی کے لوٹائے لوٹ نہیں سکتا!"

اس کے بعد وہی فرشتے حضرت لوطؑ کے پاس پہنچے۔ اور خود قرآنِ مجید کے فحوائے کلام سے بھی متبادر ہوتا ہے اور تفسیری روایات سے بھی تائید ہوتی ہے کہ وہ خوبصورت لڑکوں کی صورت میں تھے جن کو دیکھتے ہی وہ امرد پرست لوگ شہوتِ نفسانی سے مغلوب ہو کر بگٹٹ دوڑتے

ہوتے حضرت لوطؑ کے گھر آدھمکے۔ واضح رہے کہ قرآن نے اگرچہ مجازاً ان لوگوں کو "قومِ لوط" کہا ہے لیکن حضرت لوطؑ ہرگز ان میں سے نہ تھے۔ آنجنابؑ تو حضرت ابراہیمؑ کے بھتیجے تھے جو ان کے ساتھ ہی ہجرت کر کے عراق سے بلادِ شام پہنچے تھے اور پھر حضرت ابراہیمؑ کے حسبِ ہدایت بحرِ مردار کے ساحل پر واقع سدوم اور عمورہ کی بستیوں میں دعوت الی اللہ اور عقائد و اخلاق کی اصلاح کی سعی فرما رہے تھے۔ اس علاقے کے لوگ شرک کے ساتھ ساتھ بدترین اخلاقی پستی سے دوچار ہو چکے تھے اور ان میں مردوں کا مردوں ہی سے جنسی لذت حاصل کرنے کا حد درجہ غیر فطری اور قبیح عمل نہ صرف یہ کہ عام ہو چکا تھا بلکہ اس میں ان کی ڈھٹائی اور بے حیائی اس درجے کو پہنچ گئی تھی کہ وہ یہ خبیث حرکت برسرِ عام لوگوں کی نگاہوں کے عین سامنے کرتے تھے۔ اور حضرت لوطؑ ان کی اصلاح کی ہر ممکن سعی کے باوجود اپنے مشن میں بالکل ناکام ہو چکے تھے۔ چنانچہ اللہ کے آخری فیصلے کا وقت آ پہنچا اور اس کے ضمن میں اللہ نے اپنی حکمتِ بالغہ کے تحت ایسی صورت اختیار کی کہ از خود ہی ظاہر ہو جائے کہ یہ قوم اخلاقی دیوالیے پن کی انتہا کو پہنچ چکی ہے اور پوری طرح مستحق ہو چکی ہے کہ اسے ہلاک اور نیست و نابود کر دیا جائے

حضرت لوطؑ کا ماتھا تو اپنے خوبصورت اور نوعمر مہمانوں کو دیکھتے ہی ٹھنک گیا تھا کہ آج بہت کٹھن مرحلے سے گزرنا ہوگا۔ جب انہوں نے لوگوں کے تیور دیکھے تو آخری اتمامِ حجت کے طور پر دو باتیں فرمائیں۔ ایک یہ کہ یہ میرے مہمان ہیں اور مہمانوں کی جان و مال اور عزت و آبرو کا ذمہ دار میزبان ہوتا ہے۔ لہٰذا اگر تمہارے اندر شرافت اور مروّت کی کوئی ادنیٰ رمق بھی باقی رہ گئی ہے تو مجھے اس معاملے میں ذلیل و رسوا نہ کرو۔ یہ قدیم زمانے اور بالخصوص اقوامِ عرب کے اعتبار سے بہت زیادہ مؤثر اپیل ہو سکتی تھی جسے نظر انداز کر کے گویا انہوں نے اپنی شرافت اور مروت کے دیوالہ نکل جانے کا ثبوت فراہم کر دیا۔ دوسرے یہ کہ اگر تم اپنے جذبۂ شہوت کی تسکین چاہتے ہو تو میری بیٹیاں موجود ہیں' ان سے تم اپنے جذبے کی تسکین فطرت کے عین مطابق اور فی نفسہٖ پاکیزہ طریقے پر کر سکتے ہو۔ یہاں "بیٹیوں" کے مفہوم و معنیٰ کے بارے میں سلف ہی سے دو رائیں موجود ہیں اور دونوں ہی کا احتمال یکساں و برابر ہے' یعنی ایک یہ کہ حضرت لوطؑ نے خود ان کی بیویوں کو اپنی بیٹیاں قرار دیا ہو۔ اس لیے کہ ہر عمر رسیدہ شخص بالخصوص وہ جو نیک اور پارسا بھی ہو اور دوسروں کو بھی نیکی اور پارسائی کی تلقین کرتا ہو قوم کی تمام عورتوں کے لیے بمنزلہ باپ ہوتا

ہے۔ اور دوسرے یہ کہ حضرت لوطؑ نے قوم کے سرداروں کو پیش کش کی ہو کہ میں اپنی بیٹیوں کا نکاح تم سے کیے دیتا ہوں۔ اور یہ بھی بغرض اتمام حجت و قطع عذر!! ——— لیکن اس کا جو جواب لوگوں نے دیا اس میں جہاں یہ ڈھٹائی نقطۂ عروج کو پہنچی نظر آتی ہے کہ "اے لوط! خواہ مخواہ اِدھر اُدھر کی باتوں میں ہمارا وقت ضائع نہ کرو۔ تمہیں خوب معلوم ہے کہ ہم کس ارادے سے آئے ہیں اور ہمیں فی الواقع کیا مطلوب ہے!" ——— وہاں ان کا یہ منافقانہ کردار بھی انتہا کو پہنچا نظر آتا ہے کہ حیوانیت کی اس اسفل ترین سطح تک پہنچے ہوتے ہونے کے باوجود "حق" کا لفظ بھی ان کی زبان پر آتا ہے اور وہ بڑے حق پرستانہ انداز میں کہتے ہیں (اگرچہ فی الواقع اس میں گہرا طنز پنہاں ہے) کہ "اے لوط! تم خوب جانتے ہو کہ تمہاری بیٹیوں پر ہمارا کوئی حق نہیں ہے!" — چشم تصور سے بخوبی دیکھا جا سکتا ہے کہ ان الفاظ کو ادا کرتے ہوئے ان میں سے بعض کے لبوں پر تبسم یا زہر خند بھی ہو گا۔

اس صورت حال پر جو کیفیت حضرت لوط علیہ السلام کی ہوئی وہ ان کے ان الفاظ سے بخوبی ظاہر ہے: "لَوْ اَنَّ لِیْ بِکُمْ قُوَّۃً اَوْ اٰوِیْ اِلٰی رُکْنٍ شَدِیْدٍ" یعنی "کاش کہ میرے پاس اتنی طاقت ہوتی کہ تمہارا مقابلہ کر سکتا، یا کوئی مضبوط سہارا ایسا ہوتا جس کی پناہ حاصل کر لیتا!" واضح رہے کہ حضرت لوطؑ کے نہ تو اولاد نرینہ تھی کہ بیٹوں کے ہاتھ اُن کی مدافعت میں اٹھ سکتے نہ ہی ان کا کوئی کنبہ قبیلہ ہی ایسا تھا جو اس آڑے وقت میں ان کا سہارا بن سکتا۔ (جیسا کہ آگے حضرت شعیبؑ کے ذکر میں آ رہا ہے کہ ان کے مخالفین نے کہا تھا کہ "لَوْلَا رَھْطُکَ لَرَجَمْنٰکَ" یعنی اے شعیب اگر ہمیں تمہارے قبیلے والوں کا ڈر نہ ہوتا تو ہم تمہیں سنگسار کر دیتے یا جیسے کہ خود ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو سنہ نبوی تک یعنی ہجرت سے تین سال قبل تک ابوطالب کی وساطت سے اپنے خاندان یعنی بنی ہاشم کی حمایت حاصل رہی ——— حضرت لوطؑ کا معاملہ یہ نہ تھا۔ وہ اس بستی میں اجنبی تھے اور جیسا کہ ترمذی کی حدیث میں صراحتہً مذکور ہے ان کا کوئی کنبہ قبیلہ وہاں موجود نہ تھا)

گویا ظاہری اور مادی اعتبار سے وہ اس وقت بالکل بے سہارا اور بے یار و مددگار تھے۔ چنانچہ انتہائی کس مپرسی اور بے چارگی کے عالم میں یہ الفاظ ان کی زبان پر آ گئے۔ حالانکہ فی الحقیقت تو تمام ظاہری سہاروں سے بڑھ کر مضبوط سہارا ہر بندۂ مومن کو ہر جگہ اور ہر وقت حاصل ہوتا ہے، یعنی اللہ کی مدد اور اس کا سہارا۔ چنانچہ یہی ہے وہ بات جو آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حد درجہ صبر

الفاظ میں ادا فرمائی ـــــ یعنی: "رَحِمَ اللهُ لوطًا فَاِنَّهٗ کَانَ یَاْوِیْ اِلٰی رُکْنٍ شَدِیْدٍ ـــــ" اللہ لوط پر رحم فرمائے مضبوط ترین سہارا تو انہیں حاصل ہی تھا!" اس سے معلوم ہوا کہ بربنائے طبع بشری اسبابِ ظاہر سے کسی وقت کسی درجے میں فوری اور عارضی طور پر متأثر ہو جانا شانِ نبوت و رسالت سے بعید نہیں ہے جیسے کہ حضرت موسیٰؑ کوہِ طور پر عصا کے اژدہا بن جانے سے وقتی طور پر خوفزدہ ہو گئے تھے اور جادوگروں سے مقابلے میں ان کی رسیوں اور چھڑیوں کے سانپ کا روپ دھار لینے سے فوری طور پر متأثر ہو گئے تھے۔ بالکل یہی معاملہ اس موقع پر حضرتِ لوطؑ کے ساتھ پیش آیا۔ حالات اتنے ناساعد اور صورتِ حال اتنی شدید تھی، گویا ع "مرحلہ سخت ہے اور آن، عزیز!!" والی کیفیت سے اس شدت سے سابقہ پیش آیا تھا کہ شدتِ تأثر میں یہ الفاظ آنجنابؑ کی زبان پر آ گئے ـــــ اور اغلباً یہ بھی مشیتِ خداوندی کے تحت ہوا تا کہ ایک صالح و مصلح اور ناصح مشفق شخص کو اس درجہ زِچ کر دینے والی قوم کے بارے میں یہ بات از خود ثابت ہو جائے کہ وہ اب کسی رعایت کی مستحق نہیں رہی اور عذابِ استیصال کی پوری حق دار بن چکی ہے بقول شاعر ؎

تا دلِ صاحب دلے نامد بہ درد ہیچ قومے را خدا رسوا نہ کرد!

اللہ تعالیٰ ہمیں اس انجام بد سے بچائے، اور خیر و صلاح کی جانب رغبت اور مصلحین و ناصحین کی باتوں کو توجہ سے سننے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

وَاٰخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔

بقیہ: حرفِ اوّل

ہوتا رہا۔ ابتداء میں جو ذوق و شوق اور جوش و خروش دیکھنے میں آتا ہے وہ بعد میں برقرار نہیں رہتا اور دو ایک ہفتے بعد ہی کلاس کے شرکاء کی تعداد آدھی رہ جاتی ہے اور سارا جوش ٹھنڈا پڑ جاتا ہے۔ لیکن اس بار اللہ کے فضل و کرم سے کچھ مختلف صورت سامنے آئی ہے۔ قریباً دو ماہ قبل قرآن کالج میں شام کے اوقات میں شروع کی جانے والی کلاس ہر اعتبار سے بہت کامیاب نظر آتی ہے۔ شرکاء کی تعداد اور ان کے ذوق و شوق دونوں میں کوئی کمی محسوس نہیں ہوتی۔ یہ بات بالکل عیاں ہے کہ اس میں پڑھنے والوں کے شوق طلب کے ساتھ ساتھ پڑھانے والے کی محنت کو بھی دخل ہے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ یہ اللہ کی تائید و توفیق کا مظہر ہے کہ اس کلاس کا معاملہ تاحال تسلی بخش ہی نہیں حوصلہ افزا بھی ہے۔ اَللّٰھُمَّ زِدْ فَزِدْ OO

قرآن مجید کی اثر انگیزی

مولانا ضیاء الدین اصلاحی

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کو عربوں کی زبان میں نازل کیا تھا اور عربوں کو اپنی قدرتِ کلام، فصاحت و بلاغت، زور بیان، زبان دانی اور طلاقتِ لسانی پر بڑا ناز تھا۔ وہ اپنے علاوہ ساری دنیا کو عجم یعنی گونگا کہتے تھے۔ لیکن انہی عربوں کے پاس جن کو اپنی خطابت اور لسانی کا بڑا زعم اور گھمنڈ تھا، جب قرآن کی آیتیں اتریں تو وہ دم بخود اور حیرت زدہ ہو گئے اور اس کے زور بیان اور طرز کلام کو دیکھ کر اپنے آپ کو عاجز اور درماندہ تصور کرنے لگے اور اس کی بلاغت و فصاحت کے سامنے اپنی فصاحت و بلاغت کو حقیر و بے معنی سمجھنے لگے۔ اور جب انہی عربوں کو جو اپنے آپ کو سب سے بڑا زبان دان اور ساری دنیا کو گونگا کہتے تھے، قرآن مجید نے چیلنج کیا کہ اس کے جیسی کوئی ایک سورۃ یا دس آیتیں یا ایک ہی آیت پیش کر دو تو تمہاری لسانی کے کرتب اور زورِ بیان کا کمال تسلیم کر لیا جائے گا، تو وہ اس تحدّی کا جواب نہ دے سکے اور کسی بڑے سے بڑے شاعر و خطیب اور اعلیٰ درجہ کے ادیب و انشاء پرداز کو بھی یہ جرأت نہ ہوئی کہ قرآن حکیم جیسا کوئی کلام پیش کرے۔ قرآن کے زور بیان اور طرز کلام سے سب مبہوت اور سب کی زبانیں گنگ ہو گئیں۔ لبید بن ربیعہ عرب کے بڑے نامور اور ممتاز شاعر تھے۔ یہ اسلام سے بھی مشرف ہوئے۔ زمانۂ جاہلیت میں جن سات شعراء کے قصائد خانہ کعبہ میں آویزاں تھے، ان میں ان کا بھی ایک قصیدہ تھا۔ ان کی بلند پائیگی اور شاعرانہ کمال کا اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ اموی دور کے مشہور اور عظیم شاعر فرزدق کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ وہ ان کے ایک شعر۔

و جلا السیول عن الطلول کانّها

زبر تجد متونها اقلامها

(یعنی سیلاب نے ٹیلوں کو لکھے جانے والے کاغذ کی طرح صاف شفاف بنا دیا ہے۔)

کو سن کر سجدہ ریز ہو گیا تھا(۱)۔ لیکن ایسا باکمال اور بلند پایہ شاعر بھی قرآن کا زور و اثر دیکھ کر اس درجہ مبہوت اور مسحور ہوا کہ اس کے بعد اس نے شاعری بھی ترک کر دی۔ امیر المومنین حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ایک دفعہ ان سے شعر پڑھنے کے لئے کہا تو انہوں نے جواب دیا :جب خدا نے ہمیں بقرہ اور آل عمران سکھادی ہیں تو پھر شعر کہنا ہم کو زیب نہیں دیتا۔(۲)

لبید بن ربیعہ نے زمانہ جاہلیت میں قسم کھائی تھی کہ اگر پروا ہوا چلے گی تو وہ اونٹ ذبح کر کے احباب کی دعوت کریں گے۔ اسلام لانے کے بعد یہ صورت پیش آئی مگر اُس وقت ان کے پاس نہ تو اونٹ تھے اور نہ ان کو خریدنے کے لئے رقم۔ ولید بن عقبہ کو' جو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی جانب سے کوفہ کے گورنر تھے' معلوم ہوا تو ان کے یہاں دس اونٹ بھجوائے اور چند شعر کہنے کی فرمائش کی۔ حضرت لبید نے اونٹوں کو تو ذبح کر دیا لیکن چونکہ شعر گوئی ترک کر چکے تھے اس لئے اپنی لڑکی سے شعر کہنے اور شکریہ ادا کرنے کے لئے کہا۔ اس نے جواب لکھ کر ان کو دکھلایا تو انہوں نے پسند کیا مگر آخری شعر۔

فعُد انّ الکریم لہٗ معاد

و ظنی یا ابن اروٰی ان تعودا

(ترجمہ: "آپ دوبارہ بھی اسی طرح سخاوت کیجئے اور ہم کو ہدیہ بھیجئے' کیونکہ شریف آدمی بار بار ہدیے کرتا ہے اور اے ابن اروٰی میرا خیال ہے کہ آپ دوبارہ اپنی فیاضیوں سے ہم کو محروم نہ رکھیں گے"۔)

میں چونکہ مزید طلب اور بخشش کی تمنا ظاہر کی گئی تھی اس لئے انہوں نے کہا :مزید طلب کرنے کی ضرورت نہ تھی۔ لڑکی نے جواب دیا :امیر و حاکم سے مزید طلب کرنے میں کوئی حرج نہیں' وہ عام لوگوں میں ہوتا تو میں مزید کی درخواست نہ کرتی۔(۳)

۱۔ طبقات الشعراء لابن قتیبہ ص ۱۴۸

۲۔ الاستیعاب لابن عبد البر' ص ۲۳۵

۳۔ طبقات الشعراء ص ۱۴۹

مولانا شبلی نے خواجہ حافظ کے کمالات اور ان کی شاعری کی عظمت واثر انگیزی کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھا ہے:

"خواجہ حافظ کے بعد اصولِ ارتقاء کے خلاف غزلیہ شاعری کی ترقی ڈیڑھ سو برس تک رک گئی' جس طرح قرآن مجید کے نازل ہونے کے بعد شعراء کی زبانیں بند ہو گئیں"۔(۴)

یہ قرآن کی عظمت وبلند پائیگی اور اس کا غیر معمولی اعجاز واثر ہی تھا کہ سخت سے سخت دل بھی نرم ہو گئے اور وادیٔ ظلمات میں بھٹکنے والوں کو سراج منیر مل گیا اور نہایت قلیل عرصہ میں اسلام کا مہر درخشاں عرب کے افق سے آگے بڑھ کر دوسرے خطوں اور ملکوں کے مطالع پر ضوفشانی کرنے لگا اور چشم زدن میں لوگ فوج در فوج حلقہ بگوش اسلام ہو گئے۔

کہا جا سکتا ہے کہ اسلام کی شوکت وقوت سے مرعوب ہو کر لوگوں نے اس کے آگے سرِ تسلیم خم کر دیا' نبی اکرم ﷺ کے اخلاق فاضلہ اور اعلیٰ سیرت وکردار نے متنفر اور بیزار طبیعتوں کو متوجہ ومائل کر لیا' قرآن مجید نے غیب کے متعلق جو خبریں دیں اور پیشینگوئیاں کیں جب وہ صحیح ثابت ہونے لگیں تو اس کے باعث لوگ اسلام کی صداقت قبول کرنے پر مجبور ہو گئے۔ علیٰ ہذا القیاس اسلام کی ہمہ گیر اور جامع دعوت' اعلیٰ تعلیم اور ابدی اصول وقوانین نے لوگوں کو اس کا گرویدہ بنا دیا۔ یہ سب صحیح ہے' لیکن غور کیجئے' ابتداءً نہ تو اسلام کی ہمہ گیری اور جامعیت کا لوگوں کو تجربہ ہوا تھا اور نہ اخبارِ غیب کے درست اور سچ ثابت ہونے کا' اور اُس وقت اسلام کی قوت وشوکت سے مرعوب ہونے کا بھی سوال نہ تھا' البتہ رسالت مآب ﷺ کی پاکیزہ سیرت وکردار' دیانت وامانت اور صدق وعفاف وغیرہ کا ضرور تجربہ تھا' لیکن یاد ہو گا کہ کوہِ صفا پر جب آپ ﷺ نے اپنے اخلاقِ فاضلہ کا حوالہ دے کر لوگوں کو حق وتوحید کی دعوت دی تو وہ کتنے لوگوں کو اپیل کر سکی۔ بعضوں نے تو اس وقت یہاں تک کہہ دیا تھا: تَبًّا لَکَ اَلِھٰذَا دعوتنا (تمہارا ستیاناس ہو' کیا اسی

۴۔ شعر العجم جلد پنجم ص ۵۸

لئے ہم کو بلایا تھا)۔

پس یہ قرآن کی بلاغت و تاثیر تھی جس نے صدیوں کے پرانے باطل اور لغو خیالات وعقائد کو تھوڑی مدت میں تبدیل کردیا' تاریک اور مردہ دلوں کو روشن اور شاداب بنادیا' وادیٔ ظلمات میں بھٹکنے والوں کو راہِ ہدایت وسعادت پر گامزن کردیا۔ خود مشرکین عرب بھی جو اپنی ضد اور ہٹ دھرمی کی وجہ سے اسلام کی صداقت آشکارا ہونے کے باوجود بھی اپنے باپ دادا کے دین سے چمٹے رہے' قرآن کے اثر و نفوذ کے پوری طرح معترف تھے اور اس کی غیر معمولی تاثیر ہی کی وجہ سے اس کو سحر' شعبدہ اور شعر' اور آنحضور ﷺ کو ساحر' کاہن اور شاعر کہتے تھے۔ قرآن مجید میں متعدد مواقع پر ان کے ان اقوال و آراء کو نقل کرکے ان کی تردید کی گئی ہے اور ظاہر ہے کہ ان چیزوں کی اثر آفرینی بالکل مکمل ہے۔ دوسرے سحر و شعر وغیرہ کہہ کر وہ کلامِ الٰہی کو لوگوں کی نگاہ میں بے وقعت بنانا چاہتے تھے تاکہ لوگ اس کی طرف کوئی دھیان اور توجہ نہ دیں' کیونکہ انہیں قرآن کے اعجاز و اثر پر پورا یقین تھا اور وہ سمجھتے تھے کہ جس نے ایمانداری اور غیر جانبداری کے ساتھ اس کو سنا وہ اس کی دعوت کو قبول کئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ اسی لئے وہ اپنے حدِ امکان بھر عام لوگوں کو قرآن سننے سے باز رکھنے کی پوری کوشش کرتے تھے۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَسْمَعُوْا لِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَالْغَوْا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُوْنَ ○ (حٰمٓ السجدہ : ۲۶)

"اور کافروں نے کہا تم لوگ اس قرآن کو نہ سنو اور جب یہ پڑھا جائے تو بک بک کرو تاکہ تم غالب آسکو۔"

یہ بات اچھی طرح ذہن نشین رہنی چاہئے کہ مشرکینِ عرب قرآن حکیم کو سحر و شعبدہ صرف اس کو بے وزن اور کمتر ثابت کرنے کے لئے کہتے تھے اور اگر بالفرض یہ تسلیم بھی کر لیا جائے کہ وہ اس کو واقعتاً کہانت' سحر اور شعر ہی سمجھتے تھے تو پھر سوال پیدا ہوتا ہے کہ اُس وقت' جیسا کہ جاحظ وغیرہ نے تصریح کی ہے' بے شمار بڑے بڑے خطیب و شاعر بھی تھے اور کاہن و ساحر بھی' لیکن کیوں کسی کو یہ مجال اور جرأت نہ ہوئی کہ قرآن کا چیلنج قبول کرتا اور اس کے جیسی ایک آیت ہی پیش کرکے دکھادیتا۔

معلوم ہوا کہ قرآن کے اثرات بڑے دور رس اور نتیجہ خیز ہوتے تھے اور عام ذہنوں اور سادہ طبیعتوں کے سامنے جب اس کی آواز گونجتی تھی تو وہ ان میں جگہ پیدا کئے بغیر نہیں رہتی تھی۔ ذیل میں ہم تاریخ و سیر اور حدیث کی کتابوں سے کچھ ایسے واقعات نقل کرتے ہیں جن سے قرآن کے کمالِ تاثیر کا پورا اندازہ ہو جائے گا۔ باقی اسبابِ تاثیر' وجوہِ اعجاز اور اسرارِ بلاغت سے تعرض کرنے کا یہ محل نہیں ہے۔ قدیم علماء او موجودہ زمانہ کے بعض مصنفین نے اس پر مستقل کتابیں لکھی ہیں اور اگر ضرورت ہوئی تو انشاءاللہ آئندہ اس پر بھی لکھا جائے گا۔

آنحضرت ﷺ نے جب دعوتِ حق بلند کی اور اسلام کی باقاعدہ تبلیغ شروع کی تو کفار قریش نے آپؐ اور آپؐ کے رفقاء کے ساتھ جو ظالمانہ اور وحشیانہ سلوک کیا اس کو دیکھ کر جنگل کے وحوش و بہائم بھی شرما گئے ہوں گے۔ دوستوں اور خیر خواہوں نے بھی سمجھایا کہ خواہ مخواہ اپنی جان جوکھم میں ڈالنے اور خطرات مول لینے سے کیا فائدہ؟ لیکن آپؐ پر حقیقت منکشف ہو چکی تھی اور قرآن کی بتائی ہوئی راہ ہدایت سے دستکش ہو جانا کسی حال میں بھی گوارا نہ تھا۔ کیا یہ قرآن کی اثر انگیزیوں کا کرشمہ نہ تھا کہ ہزاروں مخالفتوں اور شدید ترین مصائب و محن سے گھبرا کر ایک لحظہ کے لئے بھی راہ حق سے منہ موڑ لینے کا دل میں خیال نہ گزرا۔ غور کیجئے جب ابو طالب جیسا شفیق و غمگسار چچا بھی جوش محبت میں سرشار ہو کر نہایت الحاح کے ساتھ دین حق کی دعوت و تبلیغ سے منع کرتا ہے تو آپؐ ان کو اس کا کیا جواب دیتے ہیں۔ یہی نا کہ "عم محترم! اگر یہ لوگ میرے ایک ہاتھ میں چاند اور دوسرے میں سورج بھی رکھ دیں تو میں اپنی دعوت و تبلیغ اور فریضہ حق کی ادائیگی سے دستبردار نہ ہوں گا۔"

قریش حیران تھے کہ آخر آپ اس قدر سختیاں کیوں جھیل رہے ہیں۔ کیا ہیں وہ وجوہ اور اسباب اور ایسی کیا کشش ہے جس کے لئے ساری اذیتیں اور تکلیفیں گوارا ہیں' لیکن دعوتِ قرآنی سے انحراف گوارا نہیں۔ ظاہر ہے عام انسانی ذہن و طبیعت ایسی سخت جانفشانی و جانبازی اور اتنی غیر معمولی ریاضت و نفس کشی کا سبب و مقصد جاہ و دولت کی طلب' عزت و ریاضت کی آرزو' نام و نمود کی خواہش اور شہوت و ہوس رانی کی تکمیل کے

علاوہ اور کن چیزوں کو قرار دے سکتی ہے۔ چنانچہ مشرکینِ مکہ اور کفارِ قریش نے بھی یہی سمجھا اور عتبہ بن ربیعہ ان کی نمائندگی کرتے ہوئے دربارِ رسالت میں حاضر ہو کر عرض کرتا ہے: "محمد (ﷺ) کیا چاہتے ہو؟ مکہ کی سیاست' قریش کی سیادت' کسی بڑے گھرانے کی حسین و جمیل عورت سے شادی' یا مال و دولت کا ذخیرہ تم کو مطلوب ہے؟ ہم لوگ یہ سب کچھ تمہارے لئے مہیا کر سکتے ہیں۔ تم کو اپنا سردار بنانے کے لئے بھی تیار ہیں اور ہم کو یہ بھی منظور ہے کہ سارا مکہ تمہارے زیرِ فرمان ہو جائے۔ لیکن خدا کے لئے اپنی ان باتوں کو ترک کر دو"۔ عتبہ کو یقین تھا کہ اس کی درخواست مسترد نہ ہو گی اور قریش میں اس کی مقبولیت و اعزاز کا ایک بڑا میدان ہاتھ آگیا ہے۔ مگر اس کو کیا معلوم سرورِ کائنات ﷺ کی عظمت و شان اس سے کتنی بالا ہے؟ اور اس نے مقامِ رسالت و منصبِ نبوت کی کتنی شدید گستاخی کی ہے۔

برو ایں دام بر مرغِ دگر نہ
کہ عنقا را بلند است آشیانہ

عتبہ کی ترغیبات کے جواب میں آپ ﷺ نے قرآن مجید کی یہ آیتیں تلاوت کیں:

قُلْ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰى اِلَيَّ اَنَّمَا اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَاسْتَقِيْمُوْا اِلَيْهِ وَاسْتَغْفِرُوْهُ وَوَيْلٌ لِّلْمُشْرِكِيْنَ ○ الَّذِيْنَ لَا يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ○ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ○ قُلْ اَئِنَّكُمْ لَتَكْفُرُوْنَ بِالَّذِيْ خَلَقَ الْاَرْضَ فِيْ يَوْمَيْنِ وَتَجْعَلُوْنَ لَهٗ اَنْدَادًا ذٰلِكَ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ○ (حٰمٓ السجدہ: ۵ تا ۹)

"تم کہہ دو کہ میں تمہاری ہی طرح کا ایک آدمی ہوں (البتہ) میری جانب اس بات کی وحی کی جاتی ہے کہ تمہارا خدا ایک ہے اس لئے سیدھے اسی کی طرف رخ کرو اور اس سے مغفرت چاہو' اور خرابی ہے مشرکوں کے لئے جو زکوٰۃ نہیں دیتے اور آخرت کا انکار کرتے ہیں۔ بے شک جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کئے ان کے لئے کبھی نہ ختم ہونے والا بدلہ ہو گا۔ تم کہو کہ کیا تم لوگ

اس ذات کا انکار کرتے ہو جس نے زمین کو دو دنوں میں پیدا کیا اور تم اس کے شرکاء ٹھہراتے ہو؟ وہ تو تمام عالم کا پروردگار ہے"۔

عتبہ پر ان آیتوں کا یہ اثر ہوا کہ قریش کو جا کر سمجھانے لگا کہ محمد (ﷺ) جو کلام پیش کرتے ہیں وہ شاعری نہیں کوئی اور چیز ہے' میری رائے یہ ہے کہ تم ان کو ان کے حال پر چھوڑ دو' اگر وہ کامیاب ہو کر عرب پر غالب آ گئے تو یہ تمہاری عزت ہی کا سامان ہو گا' ورنہ عرب خود اس کو تباہ کر دے گا۔(۵)

یہ تو رسول اکرم ﷺ کی عملی زندگی سے قرآن کی اثر انگیزی کا ثبوت ہے کہ ہزاروں مخالفتوں کے باوجود یہ اس کی عجیب تاثیر اور حیرت انگیز کشش تھی کہ آپؐ اس کی تبلیغ و تلقین ترک کرنے پر کسی طرح آمادہ نہ ہوئے۔ لیکن دوسری جانب قرآن سننے اور اس کے پڑھے جانے سے بھی آپ شدید طور پر متاثر ہوتے تھے۔ صحابہ کرامؓ سے قرآن سنانے کی خواہش کرتے اور جب کوئی سناتا تو لطف' لذت اور محویت کی عجیب کیفیت آپؐ پر طاری ہو جاتی۔

حضرت عبداللہ بن مسعود ؓ (اور بعض روایتوں کے مطابق عمرو بن مرّہ ؓ) سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مجھ کو قرآن سناؤ۔ انہوں نے عرض کیا: آپؐ پر تو قرآن نازل ہوتا ہے' ہم آپؐ کے سامنے قرآن مجید کیا پڑھیں! ارشاد ہوا: میں اسے دوسروں سے سننا پسند کرتا ہوں۔ چنانچہ انہوں نے سورۂ نساء کی آیت:

فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيدٍ وَّجِئْنَا بِكَ عَلَىٰ هَٰؤُلَاءِ شَهِيدًا ۝

"پس اُس وقت کیا ہو گا جب ہم ہر امت کے اندر سے ایک شہید لائیں گے اور تم کو ان لوگوں پر شہید بنائیں گے۔" (النساء: ۴۱)

تلاوت کی تو آپ ﷺ نے فرمایا: رک جاؤ۔ اور اس وقت آپ کی آنکھوں سے آنسوؤں کا سلسلہ جاری تھا۔(۶)

۵۔ سیرت النبیؐ جلد اول ص ۲۲۲

۶۔ صحیح بخاری ج ۲ ص ۷۵۹

حضرت ابراہیمؑ کے متعلق اللہ نے فرمایا کہ انہوں نے اپنی قوم کے بارے میں کہا ہے:۔

رَبِّ اِنَّهُنَّ اَضْلَلْنَ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ ۚ فَمَنْ تَبِعَنِيْ فَاِنَّهٗ مِنِّيْ.....

"پروردگار' ان بتوں نے اکثر لوگوں کو گمراہ کر دیا ہے' پس جس نے میری متابعت کی وہ مجھ سے ہو گا"۔ (ابراہیم:۳۶)

اور حضرت مسیحؑ کا قول ہے کہ

اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ ۚ وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

"اگر تو ان کو عذاب دے گا تو یہ تیرے ہی بندے ہیں اور اگر معاف کرے گا تو بیشک تو عزت و حکمت والا ہے"۔ (المائدہ:۱۱۸)

عبداللہؓ بن عمروؓ بن عاص روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ آیتیں تلاوت کیں تو آپؐ پر عجیب تاثر ہوا۔ اور آپؐ اپنے دونوں ہاتھوں کو اٹھا کر "اَللّٰهُمَّ اُمَّتِيْ اُمَّتِيْ" کہنے لگے اور رونے لگے۔ (۷)

ان واقعات اور آپؐ کی عملی زندگی سے یہ بات اچھی طرح عیاں ہو گئی کہ خود رسول کریم ﷺ پر قرآن حکیم کا کافی گہرا اثر تھا۔

مستدرک حاکمؒ سے علامہ سیوطیؒ حضرت عبداللہؓ بن عباسؓ کے حوالہ سے تحریر فرماتے ہیں کہ: "ولید بن مغیرہ بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوا تو آپ ﷺ نے اس کو قرآن کا کوئی حصہ پڑھ کر سنایا۔ اس سے اس پر رقت طاری ہوئی مگر جب ابوجہل کو اس کی اطلاع ہوئی تو اس نے کہا: چچا جان! آپ کی قوم آپ کو مال و دولت کا ذخیرہ دینا چاہتی ہے تاکہ آپ محمد (ﷺ) کے پاس جا کر ان کی باتیں نہ سنیں۔ ولید نے کہا: قریش کو معلوم نہیں کہ میں ان میں سب سے زیادہ دولت مند ہوں۔ ابوجہل نے کہا: تو پھر محمد (ﷺ) کے متعلق ایسی باتیں کہئے جن سے قریش کو یقین ہو جائے کہ آپ کو ان سے نفرت و بیزاری ہے۔ ولید نے کہا: مجھ سے زیادہ شعر و سخن کا ماہر اور نقاد کون ہو سکتا ہے' مگر خدائے ذوالجلال کی قسم ہم لوگ اس کے متعلق جو کچھ کہتے ہیں بالکل غلط ہے' اس کے کلام کو شعر و سحر سے کوئی تعلق

۷۔ صحیح مسلم باب بکاء النبی ﷺ لامتہ

نہیں' اس میں حلاوت و شیرینی ہے اور وہ مفید و بار آور اور غالب آنے والا ہے' اس پر غالب نہیں ہوا جا سکتا' وہ دوسروں کو پاش پاش کر ڈالے گا۔ ابو جہل نے کہا: آپ کی قوم کبھی ان باتوں کو پسند نہیں کر سکتی اور نہ وہ آپ سے خوش ہو سکتی ہے۔ ولید نے کہا اچھا مجھے سوچ بچار کرنے کا موقع دو۔ چنانچہ اس نے غور و فکر کے بعد کہا: هٰذَا سِحْرٌ يُّؤْثَرُ (یہ ایسا جادو ہے جو پہلے لوگوں سے نقل ہوتا چلا آرہا ہے)(۸) (جاری ہے)

۸۔ الاتقان ج ۲ ص ۱۱۷

بقیہ: لغات و اعراب قرآن

مِنۢ بَعْدِهٖ ، مِنۢ بَعْدِهٖ ، مِن بَعْدِهٖ / وَ اَنْتُمْ ، اَنْتُمْ ، اَنْتُمْ / ظٰلِمُوْنَ ، ظٰلِمُوْنَ ، ظٰلِمُوْنَ ، ظٰلِمُوْنَ / ثُمَّ / عَفَوْنَا ، عَفَوْنَا ، عَفَوْنَا / عَنْكُمْ ، عَنْكُمْ ، عَنْكُمْ / مِّنۢ بَعْدِ (مثل سابق) ذٰلِكَ ، ذٰلِكَ ، ذٰلِكَ / لَعَلَّكُمْ ، لَعَلَّكُمْ / تَشْكُرُوْنَ ، تَشْكُرُوْنَ ، تَشْكُرُوْنَ ، تَشْكُرُوْنَ / وَ اِذْ ، اِذْ / اٰتَيْنَا ، اٰتَيْنَا ، ءَاتَيْنَا ، اٰتَيْنَا / مُوْسَى ، مُوْسَى ("س" کو آگے ملانے کے لیے ہر جگہ صرف فتحہ ہی دی جاتی ہے) / الْكِتٰبَ ، الْكِتٰبَ ، الْكِتٰبَ / وَالْفُرْقَانَ ، الْفُرْقَانَ ، الْفُرْقَانَ ، الْفُرْقَانَ / لَعَلَّكُمْ / تَهْتَدُوْنَ ، تَهْتَدُوْنَ ، تَهْتَدُوْنَ /

حضرت سلطان المشائخ رح کی

تفسیر قرآن کریم پر گہری نظر(۲)

ـــــــــ مولانا سید اخلاق حسین قاسمی ـــــــــ

فضائل کی موضوع روایات

علامہ زمخشری نے (اعتزالیت سے قطع نظر) ہر فن میں اپنی جلالت کا لوہا منوایا ہے۔ اسرائیلی روایات سے بھی اپنا دامن بچانے میں انہوں نے بڑی احتیاط اختیار کی ہے' مگر تعجب ہوتا ہے کہ علامہ نے قرآن کریم کی سورتوں کے فضائل میں ضعیف روایات کو بغیر کسی تأمل کے نقل کر دیا ہے۔

زمخشری کے بعد امام بیضاوی ہیں' ان کی محققانہ شان بھی ہر فن میں اپنی عظمت کو تسلیم کراتی ہے اور معتزلانہ تصورات کی تردید میں بھی قاضی صاحب کسی اہلِ سنت مفسر سے پیچھے نہیں ہیں' مگر فضائل کی موضوع روایات کے نقل کرنے میں قاضی صاحب علامہ زمخشری کی پیروی کرتے نظر آتے ہیں۔ قاضی صاحب بڑے صاحبِ دل عالم تھے' صاحبِ کرامت تھے' ضعیف روایات نقل کرنے کے معاملہ میں قاضی صاحب کو ایک مخلص عالم قرار دے کر معذور قرار دیا گیا ہے۔ صاحبِ کشف الظنون نے لکھا ہے کہ قاضی صاحب ایک صاحب اخلاص آدمی تھے' وہ لوگوں میں قرآن کریم کا ذوق و شوق پیدا کرنا چاہتے تھے' اس لئے انہوں نے اس باب میں چشم پوشی سے کام لیا۔ (جلد اول' ۱۲۷)

اس دور کے مشائخ صوفیہ کے سامنے یہی دو تفسیریں رہی ہیں' اس لئے ان حضرات کا کلام فضائل کی ان احادیث سے متأثر ہوا ہے۔ البتہ صاحب سیر الاولیاء امیر خورد نے شیخ علیہ الرحمۃ کے حوالے سے بعض احادیث و آثار ایسے نقل کئے ہیں جو فوائد الفواد والے محققِ حدیث اور عصمتِ نبوت کا نہایت پاکیزہ اور بلند مذاق و مشرب رکھنے والے شیخ کے شایانِ شان نظر نہیں آتے۔ ان میں ایک تفسیری اثر و روایت وہ ہے جو منافقین اور نو مسلم یہودیوں نے پھیلائی۔ یعنی حضرت زینب رضی اللہ عنہا اور سرور کونین ﷺ کے

درمیان محبت کا افسانہ کذب و افتراء۔ اسی قسم کی روایات و آثار کو دلیل قرار دے کر پاکستان کے مشہور عالم جناب پروفیسر یوسف سلیم چشتی مرحوم نے "تاریخ تصوف" میں چشتی تصوف میں الحاق و اضافہ اور باطنیت و شیعیت کی ملاوٹ کا دعویٰ کیا ہے۔ ناچیز نے ایک عنوان کے تحت اس پر مفصل بحث کی ہے۔

تصوف کی اشاراتی تفسیریں

شیخ علیہ الرحمۃ تفسیر قرآن کے باب میں اہل سنت مفسرین و محدثین کے مسلک پر قائم تھے اور تصوف کی اشاراتی تفاسیر کے لطائف بھی آپ کے افادات میں راہ نہیں پاتے تھے۔ اور تفسیر قرآن کا نازک باب اسی احتیاط کا مقتضی تھا۔ مولانا رومیؒ نے اپنی مثنوی میں مثالوں اور حکایتوں کے ذریعہ پند و موعظت کے دفتر کے دفتر تحریر کر دیئے ہیں لیکن مولاناؒ تفسیر کے معاملہ میں محدثین و فقہاء کے مسلک کی ترجمانی کرتے ہیں۔۔

معنیٔ قرآں ز قرآں پُرس و بس
وز کسے کاتش زدست اندر ہوس
پیشِ قرآں گشت قربانی و پست
تاکہ عینِ روحِ قرآں شدہ است

یعنی قرآن کا مطلب قرآن سے پوچھو اور بس۔ ورنہ اگر تم ادھر ادھر ہوئے تو ہلاکت میں پڑ جاؤ گے۔ قرآن کے سامنے اطاعت کی گردن جھکا دو تاکہ تم قرآنی روح میں ڈھل جاؤ۔

اشاراتی تفسیروں میں ایک تفسیر مشہور عارف باللہ حضرت شیخ محی الدین ابن عربی (۵۶۸ھ) کی ہے اور ایک تفسیر مولانا رومی کے ہم عصر ابو محمد شیرازی (وفات ۶۰۶ھ) کی۔ صوفیہ کی اشاراتی تفسیروں کے متعلق اہل سنت کے عقائد کی مشہور کتاب "العقائد النسفی" میں لکھا ہے:۔

"نصوص کو ان کے ظاہر پر محمول کیا جائے گا' ظاہری معنیٰ سے عدول کر کے ایسے معانی مراد لینا جن کا دعویٰ باطنیہ فرقہ کے لوگ کرتے ہیں' دہریت اور الحاد ہے۔" (ص ۱۴۳)

تاویلِ بعید کی مذمت محققین صوفیاء کے ہاں

مولانا رومیؒ قرآن کریم کی تفسیر کی اہمیت کو سمجھتے تھے کہ اس بنیادی کتابِ ہدایت میں من مانی تاویلات کا دروازہ کھول دیا گیا تو اصل تعلیماتِ دین کی شکل و صورت بدل سکتی ہے، جس قسم کی تاویلات قادیانی اور مرزائی فرقہ کی طرف سے کی جاتی ہیں۔ اس لئے مولانا فرماتے ہیں۔

کردۂ تاویل حرفِ بکر را
خویش را تاویل کُن نے ذکر را
بد ہوا تاویلِ قرآں مے کنی
پست و کژ شد از تو معنی سنی
صاحبِ تاویل باطل چوں بگس
وہم اُو بولِ خر و تصویرِ خس

یعنی اپنے آپ کو بدل، قرآن کریم کو کیوں بدلتا ہے؟ باطل تاویل جو شریعت کے مسلّمہ عقائد و اصول کے خلاف ہو اس کی مثال بولِ خر کی طرح گندی اور ذلیل ہے۔

گمراہ فرقے اپنے باطل نظریات کو سہارا دینے کی غرض سے حضرات صوفیاء کرام کے اشاراتی تصورات کو استعمال کرتے ہیں۔ مولانا رومیؒ نے اس کی مذمت کی ہے۔

موضوع تفسیری روایت کی تاویل

حضرت سلطان المشائخ رحمہ اللہ رحمۃً واسعۃً کی شان نرالی تھی، آپ دل کے صوفی تھے اور دماغ کے فقیہ تھے ---- اور جس مقام پر دل اور دماغ کی کش مکش ہو جاتی تھی، آپ پوری قدرت اور مہارت سے دونوں میں مصالحت کرا دیتے تھے۔ اب اس نزاکت کو سمجھے کون؟ غور کیجئے! ایک موقعہ پر آپ نے سورۃ النازعات کی فضیلت بیان کرتے ہوئے فرمایا: "جو شخص نماز عصر کے بعد سورۃ النازعات کی تلاوت کرتا ہے اسے حق تعالیٰ زیادہ دیر تک قبر میں نہیں رکھتا اور وہ ایک نماز کی مقدار سے زیادہ قبر میں نہیں ٹھہرتا۔ حضرت شیخؒ

نے یہ احتیاط کی کہ اسے حدیث نہیں فرمایا' حالانکہ یہ بشارت فضائلِ قرآن کی انہی موضوع روایات میں سے ہے جو مفسرین نے نقل کی ہیں۔ شیخ علیہ الرحمۃ نے عام مسلمانوں کو ترغیب دینے کے خیال سے اسے نقل ضرور کر دیا' اور جس جذبہ سے کیا وہ جذبہ آنکھوں سے بہنے والے آنسوؤں کی صورت میں ظاہر ہو گیا۔۔۔۔ شیخ ؒ پر رقت طاری ہو گئی' جو اس بات کی علامت تھی کہ یہ فضیلت بیان کرنے والا اس وقت خشیتِ الٰہی سے مغلوب ہے اور سورۃ "النازعات" کے معانی اور مطالب (موت کی سختی اور عالمِ نزع کی وحشت) اس کے دل پر طاری ہیں۔ پھر ایک عقلی سوال شیخ ؒ کے دل میں پیدا ہوا جو ہر اس شخص کے دل میں پیدا ہو سکتا ہے جو عقل و فہم کے ساتھ اس فضیلت کو پڑھے گا۔

"فرمود کہ کسے کہ در گور نماند چگونہ باشد؟۔۔۔ گفت آنچناں باشد کہ روح بکمال مے رسد' چوں روح کامل شد قالب را جذب مے کند! (جلد ۲' مجلس ۳۱' ص ۴۶۳)

یعنی فرمایا کہ جو شخص قبر میں نہیں رہتا تو یہ کیسے ہوتا ہے؟ جواب دیا کہ اس طرح ہوتا ہے کہ جب روحِ انسانی کمال کو پہنچ جاتی ہے تو وہ جسم و قالب کو جذب کر لیتی ہے۔ علماء متکلمین اور اہل عقل محدثین نے اس بات کو اس طرح بیان کیا ہے کہ روح انسانی جب کمال کو پہنچ جاتی ہے تو وہ جسم کی مادیت پر غالب آ جاتی ہے اور جسم پر روح کے آثار اور روح کی کیفیات (لطافت اور نورانیت) کا غلبہ ہو جاتا ہے۔ اس مفہوم میں جسم قبر سے غائب ہو جاتا ہے۔ امام ولی اللہ محدث دہلوی ؒ نے اس مسئلہ پر خاص طور پر روشنی ڈالی ہے اور اس کی وضاحت کے لئے عالمِ مثال کی اصطلاح وضع کی ہے۔ حجۃ اللہ البالغہ کا یہ باب مطالعہ کے قابل ہے جس سے عالمِ برزخ اور عالمِ قبر کے بارے میں جو عقلی اشکالات پیدا ہوتے ہیں وہ دور ہو جاتے ہیں۔

خواجہ حسن ؒ کا تفسیر میں تحقیقی ذوق

سائل اور مجیب (خواجہ حسن ؒ اور شیخ علیہ الرحمۃ) دونوں کی نظر قرآن کریم پر بھی گہری تھی اور اسی لئے سوال و جواب میں تفسیر قرآن کے اہم نکات واضح ہو جاتے تھے۔ چنانچہ شیخ علیہ الرحمۃ نے خواجہ جلال الدین تبریزی ؒ کے حوالے سے یہ واقعہ نقل فرمایا کہ

کسی نے آپ سے سوال کیا کہ ایک شخص روزہ تو رکھتا نہیں' البتہ سحری کا کھانا کھاتا ہے تو اس شخص کے بارے میں آپ کیا کہتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: اسے سحری کے ساتھ دن اور رات کا کھانا بھی کھانا چاہئے' البتہ اس کھانے سے جو قوت اسے حاصل ہو اسے خدا کی عبادت میں صرف کرنا چاہئے اور گناہوں سے بچنا چاہئے۔ ظاہر ہے کہ یہ سوال و جواب نفلی روزہ سے متعلق تھا' ورنہ فرض روزہ کا رکھنا تو لازمی ہے۔ خواجہ حسنؒ بولے : قرآن کریم کی اس آیت کا یہی مطلب ہے: "كُلُوا مِنَ الطَّيِّبَاتِ" (المومنون:۵۱) "پاکیزہ چیزیں کھاؤ"... شیخ علیہ الرحمۃ نے اس آیت کا دوسرا ٹکڑا ارشاد فرما کر اسے مکمل کیا۔ فرمایا : پوری آیت یہ ہے : "كُلُوا مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَاعْمَلُوا صَالِحًا" "پاکیزہ چیزیں کھاؤ اور نیک عمل کرو"۔ خواجہ حسن نے اصحابِ کہف کے قول کا حوالہ دے کر پوچھا کہ اس آیت میں "طیّبات" کے معنی پاکیزہ ہیں تو اصحابِ کہف کے اس قول کے کیا معنی ہیں۔ انہوں نے اپنے ایک ساتھی کو کھانا لینے بازار بھیجا اور اس سے کہا : "فَلْيَنْظُرْ أَيُّهَا أَزْكَىٰ طَعَامًا" (کہف : ۱۹) "وہ (کھانا لانے والا) یہ دیکھے کہ کون سا کھانا پاکیزہ ہے"۔ عربی لغت کے اعتبار سے "طَیِّبَات" اور "اَزْکٰی" دونوں کا مفہوم پاکیزہ ہے اور اہل تراجم نے دونوں جگہ پاکیزہ ترجمہ کیا ہے۔ خواجہ حسن کے سوال کا مطلب یہ تھا کہ دونوں جگہ ایک ہی مفہوم ہے یا دونوں میں کوئی فرق ہے؟ شیخ علیہ الرحمۃ نے بڑا لطیف فرق بیان کیا اور کہا "طعامے خواستند کہ طبائع بر آں مائل باشند"... یعنی ان کی مراد مرغوبِ طبع کھانا تھا۔ مطلب یہ تھا کہ کھانا لانے والا ہمارا ساتھی ہے' وہ جانتا ہے کہ ہمیں کون سا کھانا پسند اور مرغوب ہے' وہی کھانا بازار سے خرید لائے۔ اصحاب کہف ۳۰۹ برس کے بعد اس کرامتی نیند سے جاگے تھے اور اس شہر کی دنیا اتنے عرصے میں بالکل بدل چکی ہوگی' اس لئے انہوں نے اپنے رفیق سے کہا کہ جو کھانا ہمیں مرغوب ہے وہ خرید کر لانا' خدا جانے اب بازار میں کس کس قسم کے کھانے پک رہے ہوں۔

زمخشری جیسے نکتہ سنج مفسر نے "اَزْکٰی" کو "حلال' طیب' اکثر اور اَرخص" (سستا) کے معنی میں لیا ہے۔ تفسیر مدارک میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کا یہ اثر نقل کیا گیا ہے کہ اس شہر کے لوگ بتوں کے نام پر ذبح کرتے تھے' اس لئے اصحاب کہف نے اپنے رفیق کو

ہدایت کی کہ وہ ایمان والوں کا حلال ذبیحہ خرید کر لائے۔ سوال یہ ہے کہ اگر اصحاب کہف کی یہی مراد ہوتی تو قرآن کریم کے پاس لفظ "حلال" موجود ہے' وہ سیدھا اس لفظ کو استعمال کرتا۔ اسی طرح علامہ زمخشری نے جن الفاظ سے تفسیر کی ہے وہ بھی قرآن کریم اور عربی لغت میں موجود ہیں' قرآن کے لئے ان الفاظ کا استعمال کرنا کیا مشکل تھا؟ قرآن کریم میں کئی جگہ "حلال اور طیب" (حَلٰلًا طَیِّبًا) دونوں لفظوں کو ساتھ ساتھ بیان کیا گیا ہے (البقرہ : ۱۶۸ اور المائدہ : ۸۸)--- مفسرین نے لکھا ہے کہ یہ محاورۂ عرب ہے' اہل عرب دونوں لفظوں کو ساتھ ساتھ بطور تاکید کے بولتے تھے۔ اور ایک قول مفسرین کا یہ ہے کہ طیّب بمعنی "مستلذ" (جس سے کھانے والے کو لذت حاصل ہو) ہے (جلالین ص ۲۴) کیونکہ ہر حلال چیز سے ہر شخص کو لذت حاصل نہیں ہوتی اور ہر حلال چیز ہر شخص کے لئے مرغوب طبع نہیں ہوتی۔ حضرت شیخ علیہ الرحمۃ نے سورۂ کہف کے لفظ "ازکیٰ" کو "مستلذ" (مرغوب و پسندیدہ) کے معنی میں لے کر موقع و محل کی رعایت کی طرف اشارہ کیا۔

اب ایک سوال یہ ہے کہ کیا قرآن کریم میں "اَزْکیٰ" کا لفظ پسندیدہ و مرغوب کے مفہوم میں استعمال کیا گیا ہے؟ اس ناچیز کے خیال میں سورۃ النور کی آیت ۲۹ میں "اَزْکیٰ" کے لفظ میں یہ مفہوم موجود ہے۔ آیت یہ ہے :

قُلْ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ یَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِھِمْ وَ یَحْفَظُوْا فُرُوْجَھُمْ' ذٰلِکَ اَزْکیٰ لَھُمْ' اِنَّ اللّٰہَ خَبِیْرٌ بِمَا یَصْنَعُوْنَ○

"(اے نبی ﷺ) آپ ایمان والوں سے فرمادیں کہ وہ اپنی نظریں نیچی رکھیں اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کریں' یہ بات ان کے حق میں زیادہ پاکیزگی کی ہے۔ بے شک اللہ تعالیٰ ان کے کاموں کی خبر رکھتا ہے"۔

غیر محرم عورتوں سے نگاہیں نیچی رکھنا اور اپنی شرمگاہوں کو چھپا کر رکھنا' یہ بات اخلاقی پاکیزگی کی بھی ہے اور ہر انسان طبعًا اسے پسند بھی کرتا ہے اور مرغوب بھی رکھتا ہے۔ کون ہے جو دوسروں کے سامنے ننگا ہونا پسند کرے یا دوسروں کو ننگا دیکھنا پسند کرے؟ ہر شخص بشرطیکہ فطرتِ سلیم رکھتا ہو نہ دوسروں کی عورتوں کو گھورنا پسند کرے گا اور نہ اس بات کو

پسند کرے گا کہ اس کی ماں بہنوں کو دوسرا گھور کر دیکھے۔ شیخ علیہ الرحمۃ نے اصحاب کہف کے مرغوب کھانے کے بارے میں علماء تفسیر کا ایک قول نقل کیا ہے جو یہ ہے : "بقول بعضے مقصود ازاں طعام برنج بودہ است" یعنی بعض علماء کے نزدیک ایک مرغوب کھانے سے چاول مراد ہیں۔

تفسیر میں اجتہادی بصیرت

شیخ علیہ الرحمۃ تفسیر قرآن میں اجتہادی بصیرت رکھتے تھے' چنانچہ ایک مجلس میں حضرت شیخ علیہ الرحمۃ نے صدقہ کی آیاتِ قرآنی سے فقہی مسائل کا استنباط کرنے کے ساتھ ساتھ لفظ "صدقہ" کی لغوی حقیقت کے تعلق سے عورت کے مہردین کے بارے میں ایک نہایت حکیمانہ تبصرہ فرمایا۔ صَدَقَۃ (دال کا زبر) اور صُدُقَۃ (دال کا پیش) یہ دونوں لفظ ایک ہی مادہ (صدق) سے مشتق ہیں۔ "صَدَقہ" کے معنی خیرات اور "صُدُقہ" کے معنی مہر دین۔ "صِدق" کے معنی سچائی کے ہیں۔ حضرت شیخ علیہ الرحمہ نے اصل لفظ کے مفہوم کی مناسبت سے مہردین کی حقیقت پر روشنی ڈالی۔ فرمایا:

"ایں ہر دو معنی از صدق محبت اقتضاء مے کند ..... کہ آں نیز صدقہ است"۔

یعنی (صَدَقہ اور صُدُقہ) یہ دونوں چیزیں سچی محبت کا تقاضا کرتی ہیں' یعنی جو شخص کسی عورت کے ساتھ شادی کرے تو اسے چاہئے کہ سچی محبت کے ساتھ زندگی گزارے۔ ازدواجی تعلق قائم کرنے کے لئے عورت کا حق مہر ایک واسطہ ہے اور اس کا نام شریعت نے صُدُقہ رکھا ہے جو صدق سے ہے۔ اور جو چیز ایک مسلمان راہ خدا میں خیرات کرتا ہے تو وہ بھی یہ سرور عالم ﷺ کی محبت میں خرچ کرتا ہے۔ اسی تصور سے اس خیرات کو صَدَقہ کہا جاتا ہے۔

قرآن کریم نے ہدایت کی ہے : وَ آتُوا النِّسَاءَ صَدُقَاتِهِنَّ نِحْلَةً (النساء:۴) یعنی "عورتوں کو ان کے مہر خوشی سے ادا کرو"۔ عربی میں "نِحلۃ" کہتے ہیں تحفہ اور ہدیہ کے طور پر دی جانے والی چیز کو۔ "نَحل" شہد کی مکھی کو کہتے ہیں' جو بغیر کسی معاوضہ کے

بڑی محنت اور سلیقہ کے ساتھ مخلوق کے لئے شہد کا تحفہ جمع کرتی ہے۔ قرآن کریم نے رشتہ نکاح کو محبت اور پیار کا رشتہ قرار دیا ہے:

لِتَسْكُنُوْٓا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً (الروم : ۲۱)

"(اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے تمہاری بیویاں پیدا کیں) تاکہ تم ان سے اطمینان و چین حاصل کرو اور تمہارے درمیان اس رشتہ کو محبت و پیار کا ذریعہ بنادیا"۔

شیخ علیہ الرحمۃ نے صُدُقہ (مہر) کے حوالہ سے رشتۂ نکاح کی عظمت اور اس کا اخلاقی مرتبہ بیان کیا اور اس واسطہ سے عورت کے اس اخلاقی مقام کی طرف اشارہ فرمایا جو اسلام نے عورت کو عطا کیا ہے۔

یہ سمجھنا کہ صوفیائے ربانی نے مسلم معاشرہ کی اصلاح کی طرف توجہ نہیں فرمائی خلافِ واقعہ ہے' البتہ ان حضرات کا معمول باطنی اخلاق کا تزکیہ ہے اور باطن کے ذریعہ ظاہر کی درستگی پر نظر رکھی جاتی ہے۔ ظاہر ہے کہ کسی خارجی دباؤ کے ذریعہ اگر انفرادی اعمال اور معاشرتی زندگی میں سدھار آجاتا ہے تو وہ پائیدار نہیں ہوتا۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے :

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ (الرعد:۱۱)

یعنی "اللہ تعالیٰ کسی قوم اور کسی گروہ کی حالت میں (اچھی حالت ہو یا بری حالت) تغیر اور تبدیلی پیدا نہیں کرتا جب تک کہ وہ گروہ اپنے نفس (باطن' عقیدہ اور تصور) کو نہیں بدلتا"۔ مطلب یہ ہے کہ تبدیلی بری حالت سے اچھی حالت کی طرف ہو یا اچھی حالت سے بری حالت کی طرف' اس وقت وقوع میں آتی ہے جب عقیدہ اور باطن میں فرق پڑتا ہے۔ اچھے عقیدہ اور حسن باطن سے اچھی زندگی وقوع میں آتی ہے اور برے عقیدہ اور سوءِ باطن سے بری زندگی جنم لیتی ہے۔ بقول حالی۔

خدا نے آج تک اس قوم کی حالت نہیں بدلی
نہ ہو جس کو خیال آپ اپنی حالت کے بدلنے کا

شریعت میں صداقت کا مقام

صداقت اور صدق و سچائی' اللہ تعالیٰ کے حقوق میں ہو یا بندوں کے باہمی حقوق میں' عبادتِ الٰہی کی حقیقی روح ہے۔ صوفیائے ربانی نے تصوف و احسان کی راہ سے انسانی زندگی کو صدق و صداقت کے نور سے روشن کرنے کی کوشش کی ہے۔ یہی ان حضرات کا مشن و منصب تھا۔ زندگی ریاکاری' دکھاوے' پبلسٹی اور تکلف سے پاک ہو جائے' یہی زندگی آخرت میں سرفراز ہوگی:

قَالَ اللّٰہُ ھٰذَا یَوْمُ یَنْفَعُ الصّٰدِقِیْنَ صِدْقُھُمْ لَھُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِھَا الْاَنْھٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْھَا اَبَدًا رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ وَ رَضُوْا عَنْہُ ذٰلِکَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ○ (المائدۃ:۱۱۹)

"اللہ تعالیٰ (قیامت کے دن) فرمائے گا کہ یہ ہے وہ دن جس میں صادق بندوں کو ان کی صداقت کام آئے گی' ان کے لئے باغات ہیں جن میں نہریں جاری ہیں' وہ اس (دائمی عیش و مسرت کی زندگی) میں ہمیشہ رہیں گے۔ اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہوا اور یہ بھی اس سے راضی ہوئے۔ یہی ہے عظیم کامیابی"۔

دینی اخوت کی فضیلت قرآن کریم میں

شیخ علیہ الرحمۃ نے نسبی اخوت سے دینی اخوت کو افضل بتاتے ہوئے فرمایا: "نسبی اخوت اس وقت کام نہیں دیتی جب دو بھائیوں میں سے ایک بھائی کافر ہو۔ کافر بھائی کو مسلمان بھائی کا ترکہ نہیں ملتا۔ دینی اخوت دنیا میں اور دنیا کے بعد آخرت میں بھی قائم رہتی ہے"۔ پھر آپ نے قرآن کریم کی آیت تلاوت فرمائی:

اَلْاَخِلَّاءُ یَوْمَئِذٍ بَعْضُھُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا الْمُتَّقِیْنَ ○

(الزخرف:۶۸)

"قیامت کے دن دوست دوست کا دشمن ہو جائے گا سوائے متقی لوگوں کے"

یعنی متقیوں کے درمیان دوستی کا رشتہ قائم رہے گا۔ پھر فرمایا: "جو دوستی برائی اور گناہ کے

کاموں میں قائم ہوگی وہ قیامت کے دن دشمنی میں بدل جائے گی"۔ اس کے بعد آپ نے یہ شعر پڑھا۔

ترا دشمناں نند ایں دوستاں
کہ یارند در باد و بوستاں

یعنی یہ شراب و باغ کے دوست تیرے دوست نہیں دشمن ہیں۔ (جلد ۲، مجلس ۳۶، ص ۴۸۳)۔۔۔ مولانا جلال الدین رومی (۶۹۴ھ) نے مثنوی میں اس قسم کی دوستی پر کہا ہے

چوں یَفِرُّ الْمَرْءُ آید مِنْ اَخِیہ
یَھرِبُ الْمَوْلُود یوماً مِن اَبِیہ
زاں شود ہر دوست آں ساعت عدو
کہ بت تو بود و از رہ مانع او
آں بگو یک روز من پیروز شد
آنچہ فردا خواست شد امروز شد
نازنیں یارے کہ بعد از مرگِ تو
رشتۂ یاریِ او گردد سہ تو
آں مگر سلطاں بود شاہِ رفیع
یا بود مقبول سلطان و شفیع

یعنی جس دن بھائی اپنے بھائی کو دیکھ کر بھاگے گا اور بچہ اپنے باپ کو دیکھ کر بھاگے گا، اس دن ہر دوست دشمن ہو جائے گا، کیونکہ کبھی تو نے اسے بت بنا کر پوجا ہے اور کبھی اس نے تیرا راستہ روکا ہے۔ ایسے دوست سے آج ہی پیچھا چھڑا لے اور جو کل ہونا ہے وہ آج ہی ہو جائے تو بہتر ہے۔ اور اس حسین و نازنین کو اپنا دوست بنا جس کی دوستی مرنے کے بعد تین گنا بڑھ جائے، یعنی اس عظیم و جلیل ہستی خداوند عالم کو اور اس کے مقبول بندوں اور اس کی بارگاہ میں سفارش کرنے والے اہل اللہ کو، جن کی دوستی آج کی دوستی سے دو چند اور سہ چند ہو کر تیرے کام آئے۔

●●

برِّعظیم پاک وہند میں علمِ حدیث

تحریر: عبدالرشید عراقی

علمِ حدیث

علم القرآن اگر اسلامی علوم میں دل کی حیثیت رکھتا ہے تو علم حدیث کی حیثیت اس کی سب سے بڑی شریان کی ہے' جو اسلامی علوم کے تمام اعضاء و جوارح تک خون پہنچا کر ان کے لئے تازگی کا سامان پہنچاتی رہتی ہے۔ آیات کا شان نزول اور ان کی تفسیر' احکام القرآن کی تشریح (تعیین)' اجمال کی تفصیل' عموم کی تخصیص' مبہم کی تعیین' سب علم حدیث کے ذریعہ معلوم ہوتی ہے۔ اسی طرح حامل قرآن محمد رسول اللہ ﷺ کی سیرت اور حیات طیبہ اور اخلاق و عادات مبارکہ اور آپ کے احوال و اقوال اور آپ کے سنن و مستحبات اسی علم حدیث کے ذریعہ ہم تک پہنچے ہیں۔ اسی طرح خود اسلام کی تاریخ' صحابہ کرامؓ کے احوال اور ان کے اعمال و اقوال اور اجتہادات و استنباطات کا خزانہ بھی اسی کے ذریعہ ہم تک پہنچا ہے۔ اس بنا پر اگر یہ کہا جائے تو صحیح ہے کہ اسلام کے عملی پیکر کا صحیح مرقع اسی علم کی بدولت مسلمانوں میں ہمیشہ کے لئے موجود و قائم ہے۔ اور ان شاء اللہ تاقیامت رہے گا۔(۱)

برِّعظیم میں صحابہؓ و تابعینؒ کی آمد

برعظیم پاک و ہند میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی آمد کا سلسلہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے عہد میں شروع ہوا۔ حافظ ابن کثیر (م ۷۷۴ھ) لکھتے ہیں:

"عہد فاروقی میں سندھ اور ہندوستان کے حدود و اطراف میں صحابہؓ و تابعینؒ اور اتباع تابعینؒ کی آمد ہوئی اور ان کی تشریف آوری کا سلسلہ عباسی دور کی ابتداء تک جاری رہا۔ ان تینوں طبقوں کے انفاس گرم سے اس ملک کی فضا میں دین و ایمان کی حرارت پیدا ہوئی۔"(۲)

خلافت راشدہ کے بعد بنو امیہ کا دور آتا ہے۔ اس دور میں بھی برِّ عظیم پاک و ہند کے مسلمانوں کی زندگی کا ہر پہلو نہایت تابناک تھا اور وہ ہر میدان میں عالم اسلام کے شانہ بشانہ چلتے تھے۔ ہر قسم کے علوم و فنون اور علماء و فضلاء سے ان کی محفلیں آباد تھیں۔ خلفائے بنو امیہ کا دستور تھا کہ وہ مفتوحہ ممالک میں علماء' فقہاء' محدثین' عباد و زہاد اور صلحاء کو بھیجتے تھے اور یہ حضرات اپنے اپنے طریقہ کے مطابق دینی اور علمی خدمات سرانجام دیتے تھے۔ اس وقت احادیث و آثار کی باقاعدہ تدوین نہیں ہوئی تھی اور نہ ہی "اخبرنا و حدثنا" کا طریقہ رائج تھا۔ اموی دور میں ۴۰ھ تا ۹۹ھ یہی حال رہا۔ اس کے بعد حضرت عمر بن عبدالعزیز (م ۱۰۱ھ) نے احادیث و سنن کی تلاش و تدوین کے احکام جاری کئے۔ چنانچہ حدیث کے کئی مجموعے تیار ہوئے اور پہلی صدی ہجری کے آخر اور دوسری صدی ہجری کی ابتداء میں باقاعدہ تدوین حدیث کا سلسلہ جاری ہو گیا۔ ۱۴۰ھ اور ۱۵۰ھ کے درمیان پورے عالم اسلام میں احادیث و آثار جمع کئے گئے۔ اموی دور کا یہ پودا عباسی دور کی ابتداء میں پوری طرح بار آور ہو گیا اور باقاعدہ "اَخْبَرَنَا وَ حَدَّثَنَا" کے ساتھ روایت کا سلسلہ چل نکلا۔ اس سے پہلے صحابہ کرامؓ و تابعین عظامؒ اپنے اپنے حلقوں میں اپنے طور پر کتاب و سنت کی تعلیم و تلقین انجام دیتے تھے۔ چنانچہ برِّ عظیم پاک و ہند میں بھی یہی طریقہ رائج تھا۔ یہاں بھی رواۃ حدیث بڑی تعداد میں آ گئے۔ اور اس زمانہ کے مطابق انہوں نے چلتے پھرتے مجالس و محافل اور غزوات و جہاد میں حسب ضرورت احادیث بیان کیں۔

حافظ ابن کثیر (م ۷۷۴ھ) اس پر روشنی ڈالتے ہوئے فرماتے ہیں:

> "بنو امیہ کے دور میں جہاد کے اندر فوجوں میں کبارِ تابعین سے صلحاء و اولیاء اور علماء ہوا کرتے تھے۔ ہر فوج کے ساتھ ان کی بڑی تعداد ہوا کرتی تھی جن سے اللہ تعالیٰ اپنے دین کی مدد فرماتا تھا"۔ (۳)

جس طرح عالم اسلام میں کتاب و سنت کی روشنی میں یہ کام ہوتا تھا' اسی طرح برِ عظیم پاک و ہند میں اسلامی قوانین کے سلسلہ میں کتاب و سنت و آثار صحابہؓ کو پیش نظر رکھا جاتا تھا۔

برِّعظیم میں پہلے تابعی کی آمد

۹۳ھ میں مسلمانوں نے سندھ پر حملہ کیا اور اس کو فتح کیا۔ اس کے بعد یہ ملک تیسری صدی ہجری کے شروع تک عربوں کے قبضہ میں رہا۔ ۱۵۹ھ میں خلیفہ مہدی کے حکم سے جو فوج برِّعظیم کی طرف روانہ ہوئی اس میں حضرت ربیع بن السعدی البصری (م ۱۶۰ھ) بھی شامل تھے' اور یہ تابعی تھے۔ ان کے بارے میں صاحب کشف الظنون حاجی خلیفہ (م ۱۰۶۷ھ) نے لکھا ہے کہ یہ پہلے شخص تھے جنہوں نے اسلام میں تصنیف کا کام کیا۔ (۴)

ان کے علاوہ ایک اور تابعی جن کا نام حباب بن فضالہ" تھا اور جو آنحضرت ﷺ کے خادم خاص حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے شاگرد تھے ان کے بارے میں امام ذہبی" (م ۷۴۸ھ) نے لکھا ہے کہ وہ ہندوستان آئے تھے۔ (۵)

تبع تابعین میں حضرت اسرائیل بن موسیٰ" جو حضرت امام حسن بصری" (م ۱۱۰ھ) کے شاگرد تھے' تجارت کے سلسلہ میں برِعظیم پاک و ہند کا سفر کرتے تھے اور ان کا لقب "نزیل ہند" تھا۔ حافظ ابن حجر عسقلانی (م ۸۵۲ھ) نے امام ابن حبان (م ۳۵۴ھ) کے حوالہ سے لکھا ہے:

کان یسافر الی الھند (۶)

"یہ ہندوستان کا (تجارتی) سفر کرتے تھے"۔

پانچویں صدی ہجری میں محدثین کرام کی آمد

۴۱۲ھ میں سلطان محمود غزنوی نے لاہور فتح کیا۔ سلطان کی فوج میں کئی ایک محدث شامل تھے' جن میں ایک محدث شیخ اسمٰعیل" تھے' جو حدیث و تفسیر کے جامع البحرین تھے۔ بے شمار آدمی ان کے ہاتھ پر مسلمان ہوئے۔ انہوں نے لاہور میں سکونت اختیار کی اور لاہور ہی میں ۴۴۸ھ میں ان کا انتقال ہوا۔ (۷)

شیخ اسمٰعیل کی وفات کے بعد ۱۵۰ برس تک یہاں کسی محدث کی آمد کا سلسلہ نہ رہا اور برِعظیم میں ایک قسم کا گھپ اندھیرا رہا۔ ساتویں صدی ہجری کے شروع میں "مشارق الانوار" کے مصنف امام حسن بن محمد صنعانی (م ۶۵۰ھ) نے علم حدیث کی روشنی پھیلائی۔

امام حسن بن محمد صنعانی کا سن پیدائش ۵۷۰ھ ہے۔ ابتدائی تعلیم لاہور میں اپنے والد سے حاصل کی' پھر یمن' حجاز اور عراق جاکر علم کی تکمیل کی اور لغت و حدیث کے امام قرار پائے۔ ۶۱۷ھ میں عباسی خلیفہ معتصم کی طرف سے بطور سفیران کا ہندوستان میں تقرر ہوا۔ آپ نے حدیث کی مشہور کتاب مشارق الانوار مرتب کی۔

برِعظیم میں علم حدیث کا فروغ

برِعظیم پاک و ہند میں علم حدیث کا فروغ دسویں صدی ہجری کے آغاز میں ہوا۔ یہ وہ عہد تھا کہ جب مصر و شام و حجاز میں امام الحدیث حافظ محمد بن عبدالرحمٰن سخاویؒ (م ۹۰۲ھ) کے فضل و کمال کا آفتاب نصف النہار پر تھا اور امام سخاوی کے فیض و افادہ کی کرنیں دنیائے اسلام کے ہر گوشہ میں پڑ رہی تھیں۔ برِعظیم میں حافظ سخاوی کے تلامذہ میں مولانا راجح بن داؤد گجراتی تھے جو ایک نامور محدث تھے۔ ۹۰۴ھ میں احمد آباد میں ان کا انتقال ہوا۔(۸)

دسویں صدی ہجری میں امام شیخ علی متقیؒ (م ۹۷۵ھ) کا نام بہت نمایاں ہے' جن کا تعلق جون پور سے تھا اور ان کو یہ شرف بھی حاصل تھا کہ ان کے اساتذہ میں علمائے حجاز کے نام بھی ملتے ہیں۔ آپ صاحب تصانیف کثیرہ تھے۔ حدیث کی بہت خدمت کی۔ علم حدیث میں آپ کی بہت بڑی خدمت یہ ہے کہ آپ نے امام جلال الدین سیوطی (م ۹۰۱ھ) کی کتاب "جمع الجوامع" کو فقہی ابواب پر مرتب کیا۔

شیخ علی متقیؒ (۹۷۵ھ) کے بعد شیخ محمد طاہر پٹنیؒ کا نام آتا ہے۔ ان کا سن وفات ۹۸۶ھ ہے۔ آپ شیخ علی متقی کے تلامذہ میں سے تھے۔ خدمت حدیث میں ان کی کتاب "مجمع بحار الانوار" ہے اور اس کتاب کا موضوع لغت حدیث ہے۔ اس کے علاوہ اسماء الرجال پر "مغنی" کے نام سے کتاب لکھی۔ "تذکرۃ الموضوعات" کے نام سے بھی ایک کتاب لکھی جس میں موضوع احادیث کو جمع کیا۔

شیخ محمد طاہر پٹنی کے بعد برِعظیم پاک و ہند میں ایک ایسی ہستی پیدا ہوئی جس نے حدیث کی نشر و اشاعت میں گرانقدر علمی خدمات انجام دیں اور جس کے بارے میں اہل علم نے کہا: "اول کسے کہ تخم حدیث در ہند کشت او بود" اور یہ ہستی حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ

(م ۱۰۵۲ھ) کی ہے۔ خدمت حدیث میں آپ نے حدیث کی مشہور کتاب مشکوٰۃ المصابیح کی دو شرحیں "لمعات" (عربی) اور "اشعۃ اللمعات" (فارسی) لکھیں' جبکہ شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ کے فرزند شیخ نورالحقؒ (م ۱۰۷۳ھ) نے تیسیر القاری کے نام سے صحیح بخاری کی شرح لکھی۔

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ اور ان کے خاندان نے علم حدیث کی گرانقدر علمی خدمات سرانجام دیں۔ ان کے بعد حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ (م ۱۱۷۶ھ) کا دور آتا ہے' جنہوں نے برِّعظیم میں حدیث کی نشرواشاعت اور اس کی ترقی و ترویج میں جو کارہائے نمایاں سرانجام دیئے ان کی حیثیت تاریخ اسلام میں سنگ میل کی ہے۔ حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ نے خدمت حدیث میں امام مالکؒ (م ۱۷۹ھ) کی مشہور کتاب "مؤطا" کی دو شرحیں بنام "المسوّیٰ" (عربی) اور "المصفّیٰ" (فارسی) لکھیں اور اس کے ساتھ آپ نے ایک بہترین اور غیر مسبوق کتاب "حجتہ اللہ البالغہ" تصنیف کی' جس کے متعلق مولوی ابو یحیٰ امام خان نوشہروی (م ۱۹۶۶ھ) لکھتے ہیں:

> "حجتہ اللہ البالغہ دین کی حجت بنی' اس کے ابلاغ نے حق و باطل میں امتیاز کر دیا۔ اس کے ایک ایک لفظ نے تشویق الی السنہ اور تحریض عمل بالحدیث کا درس دیا۔" (۹)

حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ (م ۱۱۷۶ھ) کے صاحبزادگان عالی مقام حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ (م ۱۲۳۹ھ)' مولانا شاہ رفیع الدین دہلویؒ (م ۱۲۲۰ھ) اور مولانا شاہ عبدالقادر دہلویؒ (م ۱۲۳۹ھ) اور آپ کے پوتے حضرت شاہ اسمٰعیل شہید دہلویؒ (م ۱۲۴۶ھ) نے بھی خدمت حدیث میں گرانقدر خدمات سرانجام دیں۔ حضرت شاہ اسمٰعیل شہیدؒ نے خدمت حدیث میں "تنویر العینین فی اثبات رفع الیدین" (عربی) لکھی' جس میں اثبات رفع الیدین کی تمام حدیثیں جمع کر دیں۔

حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ اور ان کے صاحبزادگان عالی مقام کے بعد خدمت حدیث میں مولانا شاہ محمد اسحاق دہلویؒ (م ۱۳۶۲ھ) کا نام آتا ہے۔ آپ مولانا شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی (م ۱۲۳۹ھ) کے نواسے تھے۔ ان کی ساری عمر خدمت حدیث میں گزری۔ آخری

عمر میں مکہ معظمہ ہجرت کر گئے' جہاں آپ نے ۱۲۶۲ھ میں وفات پائی۔ علامہ سید سلیمان ندوی (م ۱۳۷۳ھ) آپ کے بارے میں لکھتے ہیں:

"اللہ تعالیٰ نے آپ کے درس میں بڑی برکت عطا فرمائی۔ تمام بڑے بڑے علماء ان کے شاگرد تھے۔ چند رسالے بھی ان کی تصنیف ہیں۔ غدر کے بعد مکہ معظمہ ہجرت کر کے چلے گئے تھے اور وہاں بھی یہ سلسلۂ فیض جاری رہا۔ آخر وہیں ۱۲۶۲ھ میں وفات پائی۔ ان کے تلامذہ میں مولانا امجد علی سہارن پوری' نواب صدر الدین خاں دہلوی' نواب قطب الدین خان جنہوں نے کتب حدیث کا اردو میں ترجمہ کیا ہے' مولانا سید نذیر حسین بہاری دہلوی' مولانا عالم علی مراد آبادی' شیخ محمد صاحب تھانوی' مولانا شاہ فضل رحمٰن گنج مراد آبادی' مولانا قاری عبدالرحمٰن پانی پتی ہیں"۔(۱۰)

مولانا سید محمد نذیر حسین دہلوی کی تحدیث

حضرت مولانا شاہ محمد اسحاق صاحب دہلوی (م ۱۲۶۲ھ) کے مکہ معظمہ ہجرت کرنے کے بعد شیخ الکل مولانا سید محمد نذیر حسین صاحب دہلوی (م ۱۳۲۰ھ) دہلی کی مسند تحدیث پر متمکن ہوئے۔ مولوی ابویحییٰ امام خان نوشہروی (م ۱۹۶۶ء) لکھتے ہیں:

"شاہ اسمٰعیل شہید کے اس مسابقت الی الجہاد و فوز بہ شہادت کے بعد ہی دہلی میں الصدر الحمید مولانا شاہ محمد اسحاق صاحب کا فیضان جاری ہو گیا جن سے شیخ الکل میاں صاحب السید نذیر حسین محدث دہلوی مستفیض ہو کر دہلی ہی کی مسند تحدیث پر متمکن ہوئے"۔(۱۱)

حضرت شیخ الکل مرحوم و مغفور نے ۶۰ سال تک حدیث کا درس دیا۔ اور آپ سے بے شمار حضرات نے استفادہ کیا۔ آپ کے تلامذہ میں بعض نے حدیث کی وہ خدمت کی جس کا تذکرہ ان شاء اللہ العزیز رہتی دنیا تک رہے گا۔ برِّ عظیم میں حضرت شیخ الکل مولانا سید محمد نذیر حسین دہلوی اور آپ کے تلامذہ نے حدیث کی جو خدمت کی ہے اس کا اعتراف علمائے عرب نے بھی کیا ہے۔ علامہ رشید رضا مصری (م ۱۳۵۴ھ) لکھتے ہیں:

"اگر ہمارے بھائی علمائے ہند علوم حدیث کی طرف توجہ نہ کرتے تو مشرقی ممالک (یعنی مصر، شام، عراق اور حجاز) میں جو علم دسویں صدی ہجری سے ضعف کا شکار ہو کر ۱۴ویں صدی ہجری کے آغاز تک انتہائی کمزور ہو چکا تھا، بالکل زوال پذیر ہو جاتا۔" (۱۲)

حضرت شیخ الکل مولانا سید محمد نذیر حسین محدث دہلوی (م ۱۳۲۰ھ) کے جن تلامذہ نے خدمت حدیث میں تصنیف و تالیف کے ذریعہ جو خدمات سرانجام دی ہیں ان میں مولانا محمد ابراہیم آروی (م ۱۳۲۰ھ) نے مشکوٰۃ المصابیح کا اردو ترجمہ طریق النجاۃ کے نام سے کیا۔ مولانا عبدالعزیز رحیم آبادی (م ۱۲۳۶ھ) نے مشکوۃ المصابیح میں بخاری و مسلم کی مرویات کو علیحدہ جمع کیا اور سواء الطریق (عربی) کے نام سے چار جلدوں میں شائع کیا۔ مولانا شمس الحق ڈیانوی عظیم آبادی (م ۱۳۲۹ھ) نے سنن ابوداؤد کی دو شروح بنام غایۃ المقصود (عربی) ۳۲ جلدوں میں اور عون المعبود (عربی) ۴ جلدوں میں لکھی، سنن دار قطنی کی شرح المغنی کے نام سے لکھی۔ مولانا عبدالرحمٰن مبارک پوری (م ۱۳۵۳ھ) نے جامع ترمذی کی شرح بنام تحفۃ الاحوذی (عربی) چار جلدوں میں لکھی اور اس کے ساتھ ایک علمی و تحقیقی مقدمہ بھی لکھا۔ مولانا حافظ محمد ابوالحسن سیالکوٹی (م ۱۳۲۵ھ) نے صحیح بخاری کی اردو میں شرح ۳۰ جلدوں میں بنام فیض الباری لکھی۔ مولانا عبدالوہاب دہلوی (م ۱۳۵۱ھ) نے مشکوٰۃ المصابیح کا عربی حاشیہ لکھا۔

علمائے غزنویہ میں مولانا عبدالاول غزنوی (م ۱۳۱۳ھ) نے خدمت حدیث میں نصرۃ الباری ترجمہ صحیح بخاری ۸ پارے، اور مشکوٰۃ المصابیح کا حاشیہ اردو میں الفوائد السلفیہ کے نام سے لکھا۔ مولانا عبدالغفور غزنوی (م ۱۳۵۲ھ) نے مولانا خرم علی بلہوری (م ۱۲۶۲ھ) کی کتاب تحفۃ الاخبار ترجمہ مشارق الانوار کو فقہی ابواب پر مرتب کیا۔

مولانا وحید الزمان حیدر آبادی (م ۱۳۳۸ھ) نے خدمت حدیث میں گرانقدر علمی خدمات سرانجام دیں۔ صحاح ستہ بشمول مؤطا امام مالک کا اردو میں ترجمہ کیا۔ اس میں جامع ترمذی کا ترجمہ آپ کے بڑے بھائی مولانا بدیع الزمان حیدر آبادی (م ۱۳۰۴ھ) نے کیا۔ مولانا وحید الزمان نے حدیث کی ایک لغت بھی مرتب کی جس کا نام اسرار اللغۃ رکھا۔ یہ

کتاب ۲۸ جلدوں میں ہے۔

نواب صدیق حسن خاں قنوجی کی خدمتِ حدیث

محی السنہ مولانا سید نواب صدیق حسن خاں قنوجی (م ۱۳۰۷ھ) کی خدمت حدیث تاریخ اہلحدیث میں ایک زریں باب ہے۔ آپ نے عربی، فارسی، اردو میں ۲۲۲ کتابیں تفسیر، حدیث، عقائد، فقہ، رد تقلید، سیاست، تاریخ و سیر، علم و ادب، اخلاق، تصوف، تردید شیعیت وغیرہ موضوعات پر لکھیں۔ فن حدیث پر آپ کی ۲۲ کتابیں ہیں جن میں چند مشہور کتب یہ ہیں: عون الباری شرح صحیح بخاری (عربی) ۲ جلد

السراج الوہاج شرح مسلم بن حجاج (عربی) ۲ جلد

فتح العلام شرح بلوغ المرام (عربی) مسک الختام شرح بلوغ المرام (فارسی)

اتحاف النبلاء المتقین باحیاء مآثر الفقہاء المحدثین (فارسی)

رجال کتب حدیث پر الحطہ فی ذکر الصحاح الستہ (عربی) صحاح ستہ کے فوائد پر۔(۱۳)

حواشی

۱۔ مقدمہ تدوین حدیث، مولانا مناظر حسن گیلانی

۲۔ البدایہ والنہایہ، ج ۹، ص ۸۸

۳۔ البدایہ والنہایہ، ج ۹، ص ۸۷

۴۔ مقالات سلیمان، ج ۲، ص ۲

۵۔ میزان الاعتدال، ج ۲، ص ۲۰۸

۶۔ تہذیب التہذیب، ج ۱، ص ۲۶۱

۷۔ فہرست ابن ندیم، ص ۱۳۶

۸۔ الضوء اللامع، ج ۳، ص ۲۲۲

۹۔ ہندوستان میں اہلحدیث کی علمی خدمات، ص ۱۴

۱۰۔ مقالات سلیمان، ج ۲، ص ۵۲

۱۱۔ ہندوستان میں اہلحدیث کی علمی خدمات، ص ۹ا

۱۲۔ مقدمہ مفتاح کنوز السنہ

۱۳۔ ہندوستان میں اہلحدیث کی علمی خدمات، ص ۴۱ تا ۵۱

سورۃ البقرۃ

آیات ۵۱-۵۳

(گزشتہ سے پیوستہ)

ملاحظہ: کتاب میں حوالہ کے لیے قطعہ بندی (پیراگرافنگ) میں بنیادی طور پر تین ارقام (نمبر) اختیار کیے گئے ہیں۔ سب سے پہلا (دائیں طرف والا) ہندسہ سورۃ کا نمبر شمار ظاہر کرتا ہے اس سے اگلا (درمیانی) ہندسہ اس سورۃ کا قطعہ نمبر (جو زیر مطالعہ ہے اور جو کم از کم ایک آیت پر مشتمل ہوتا ہے) ظاہر کرتا ہے۔ اس کے بعد والا (تیسرا) ہندسہ کتاب کے مباحث اربعہ (اللغہ، الاعراب، الرسم اور الضبط) میں سے زیر مطالعہ مبحث کو ظاہر کرتا ہے یعنی علی الترتیب اللغہ کے لیے ۱، الاعراب کے لیے ۲، الرسم کے لیے ۳، اور الضبط کے لیے ۴ کا ہندسہ لکھا گیا ہے بحث اللغہ میں چونکہ متعدد کلمات زیر بحث آتے ہیں اس لیے یہاں حوالہ کی مزید آسانی کے لیے نمبر ۱ کے بعد قوسین (بریکٹ) میں متعلقہ کلمہ کا ترتیبی نمبر بھی دیا جاتا ہے۔ مثلاً ۲: ۵: ۱(۳) کا مطلب ہے سورۃ البقرہ کے پانچویں قطعہ میں بحث اللغۃ کا تیسرا لفظ اور ۲: ۵: ۳ کا مطلب ہے سورۃ البقرہ کے پانچویں قطعہ میں بحث الرسم۔ وھکذا۔

۲: ۳۳

وَاِذْ وٰعَدْنَا مُوْسٰٓى اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ثُمَّ
اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ
ظٰلِمُوْنَ ۝ ثُمَّ عَفَوْنَا عَنْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ
لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ وَاِذْ اٰتَيْنَا مُوْسَى
الْكِتٰبَ وَالْفُرْقَانَ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۝

۲:۳۳:۱ اللغــۃ

[وَاِذْ] کے معنی واستعمال پر کئی دفعہ بات ہوچکی ہے مثلاً البقرہ: ۳۰ [۲:۲۲:۱(۱)] اور اوپر ۲:۳۲:۱ کے شروع میں۔"اور جس وقت"۔

۲:۳۳:۱(۱) [وَاعَـدْنَا] کا مادہ "و ع د" اور وزن "فَاعَلْنَا" ہے (یہاں آسانی کے لیے "واعَدْنا" برسم املائی لکھا گیا ہے۔رسم عثمانی پر آگے "الرسم" میں بات ہوگی) اس مادہ سے فعل مجرد وعَــد ..... یَعِــدُ وَعْــدًا و مَوْعِــدۃً (ضرب سے) آتا ہے اوراس کے بنیادی معنی تو ہیں: ... سے ... کا وعدہ کرنا" (وعدہ خود اسی فعل سے ماخوذ ہے اور اردو میں مستعمل ہے)۔اس فعل کے عموماً دو مفعول آتے ہیں (۱) جس سے وعدہ کیا جائے اور (۲) جس چیز کا وعدہ کیا جائے۔اور عموماً تو دونوں مفعول بنفسہ (بغیر صلہ کے) آتے ہیں جیسے "وعَدَکم اللّٰہُ مغانمَ کثیرۃً" (الفتح: ۲۰) یعنی "اللہ تعالیٰ نے تم سے بہت سی غنیمتوں کا وعدہ فرمایا"۔بعض دفعہ دوسرے مفعول پر "ب" کا صلہ لگتا ہے۔مثلاً کہتے ہیں: وعَدفلاناً الامرَ و بالامرِ" (اس نے اس کو" اس بات" کا وعدہ دیا)۔قرآن کریم میں یہ (صلے والا) استعمال کہیں نہیں آیا۔بعض دفعہ دوسرا مفعول محذوف ہوتا ہے جو عبارت (سیاق وسباق) سے سمجھا جاتا ہے۔قرآن کریم اس (مفعول ثانی محذوف) کی صرف ایک مثال (النساء: ۱۲۰) میں ہے۔"وعَــد یعــد" اچھے بُرے دونوں طرح کے وعدہ کے لیے استعمال ہوتا ہے قرآن کریم میں اہلِ ایمان کےلیے "جناتٍ" اور کفار کے لیے "نارَجھنــمَ" کے لیے "وعَـدَ" کا لفظ ہی آیا ہے۔عام عربی میں کہتے ہیں: "وعدہ خیرًا/ شرًا۔ یا۔بخیر/ بشرٍ"۔ (اس نے اس سے اچھا یا بُرا وعدہ کیا)

● یہ فعل قرآن کریم میں بکثرت استعمال ہوا ہے۔صرف فعل مجرد کے مختلف صیغے ، جگہ آتے ہیں۔مزید فیہ کے باب مفاعلہ کے صیغے چار جگہ اور باب تفاعل سے صرف ایک صیغہ آیا ہے۔اس کے علاوہ مجرد اور مزید فیہ سے مصادر اور اسماء مشتقہ ۵ ، مقامات پر وارد ہوئے ہیں۔ان سب پر حسب موقع بات ہوگی۔ان شاء اللہ تعالیٰ۔

● زیر مطالعہ لفظ "واعَــدنا" اس مادہ (وعــد) سے باب مفاعلۃ کا فعل ماضی صیغہ جمع متکلم ہے۔ اس باب سے فعل "واعَـد ..... یواعِـدُ مُواعَــدۃً" کے معنی ہیں۔ ... سے وعدہ کیا اور ..... نے بھی وعدہ کیا" یعنی "دو آدمیوں نے باہم ایک دوسرے سے وعدہ کیا"۔یہ معنی بابِ مفاعلہ میں عموماً خصوصیت مشارکت پائے جانے کی بناء پر ہیں۔تاہم اس باب میں ہر جگہ "دو" یا "باہم" کا مفہوم ضروری نہیں مثلاً "سَافَرَ (اس نے سفر کیا) یا عاقبَ (اس نے سزا دی) وغیرہ میں باہم کا مفہوم نہیں ہے۔ اور عموماً اس فعل کے بھی دو مفعول آتے ہیں مثلاً کہتے ہیں" واعَـدہ الوقتَ اوالمکانَ (اس نے اس

کو "اس وقت" یا "اس جگہ" کا وعدہ دیا) یعنی اس کے ساتھ جگہ یا وقت مقرر کیا) قرآن کریم میں اس باب سے فعل کے صیغے چار جگہ آئے ہیں اور ہر جگہ دو مفعول کے ساتھ۔ اور زیر مطالعہ آیت بھی ان میں سے ایک ہے۔

● بعض حضرات[1] نے یہاں (زیر مطالعہ آیت میں) بھی "باہم وعدہ" والا مفہوم یوں لیا ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے (۴۰ رات کا) وعدہ تھا اور موسیٰ علیہ السلام کی طرف سے یہ "وفا" کرنے کا وعدہ تھا۔ تاہم اس نکتہ آفرینی کی بجائے وہی پہلی بات (کہ واعَدَ یہاں بمعنی وعَدَ ہی ہے) زیادہ بہتر ہے اور اس کی تائید اس سے بھی ہوتی ہے کہ "الدوری" کی قراءت میں اسے "وعَدْنا" ہی پڑھا گیا ہے اور شاید یہی وجہ ہے کہ اردو کے تمام مترجمین نے یہاں "مشارکت" اور "باہم" والی خصوصیت کو نظر انداز کرتے ہوئے اس (واعَدْنا) کا ترجمہ "ہم نے وعدہ کیا، وعدہ دیا، کر لیا تھا اور ٹھہراؤ کیا" کے ساتھ ہی کیا ہے۔

۲ : ۳۳ : ۱ (۲) [مُوْسٰی] بعض نے اس کا اشتقاق بعض عربی مادوں سے بیان کیا ہے مثلاً یہ کہ یہ "م و س" کے فعل مجرد "ماس یموس" (مونڈنا) سے یا "م ی س" کے فعل "ماس یمیس" (اکڑ کر چلنا) سے "فُعْلیٰ" ہے۔ یا پھر "وسی" مادہ سے فعل "اَوْسیٰ یُوْسِی (باب اِفعال) رأسَهٗ" (اس نے اس کا سر مونڈا) سے اسم المفعول (مُفْعَلٌ) سمجھا۔ اشتقاق کے یہ تمام نظریات بالکل غلط ہیں۔ دراصل "ان مادوں سے (خصوصاً آخری مادہ سے) اسم الفاعل "مُوْسِی" (مُفْعِلٌ) عربی میں استرے (RAZOR) کے لیے استعمال ہوتا ہے اور بعض اسے "موس" (ماس یموس۔ مونڈنا) سے "فُعْلیٰ" کے وزن پر مشتق گنتے اور اسی طرح (موسیً یا موسیٰ) ہی بولتے ہیں۔ بہرحال اس لفظ کا "موسیٰ علیہ السلام" کے نام سے کوئی لغوی یا اشتقاقی تعلق نہیں[2] ہے سوائے اس کے کہ اگر ضبط کے بغیر (بصورت "موسیٰ") لکھے ہوں تو دونوں میں ایک مشابہت لفظی ہے۔

● کلمہ "موسیٰ" جو ایک جلیل القدر پیغمبر کا نام ہے۔ دراصل ایک عبرانی (یا قبطی) لفظ ہے جو "مو" (پانی) اور "سا" (درخت) سے مرکب ہے یعنی وہ جو دریا کے پانی اور اس کے کنارے کی جھاڑیوں میں ملا[3]۔ موسیٰ علیہ السلام کی ولادت کا یہ واقعہ قرآن کریم (القصص اور طٰہٰ) میں بھی بیان ہوا ہے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا نام (مختلف واقعات کے ضمن میں) قرآن کریم کے اندر ۱۳۶ دفعہ وارد ہوا ہے

۲ : ۳۳ : ۱ (۳) [اَرْبَعِیْنَ] کا مادہ "ر ب ع" اور وزن "اَفْعِلِیْنَ" ہے جو لفظ "اَرْبَعٌ" (بمعنی چار)

---

[1] مثلاً اعراب القرآن (للنحاس) ج ۱ ص ۲۲۴ 'البیان (لابن الانباری) ج ۱ ص ۸۲ اور البیان (للعکبری) ج ۱ ص ۶۲ نیز متعدد تفاسیر۔

[2]، [3] دیکھئے البیان (للعکبری) ج ۱ ص ۶۲-۶۳۔ نیز القاموس (للفیروز آبادی)، مادہ "موس"

سے ماخوذ ہے۔ اس کی شکل بظاہر" اَرْبَعٌ "کی جمع مذکر سالم کی ملتی ہے یعنی بحالت رفع "اَرْبَعُونَ" اور بحالت نصب وجر" اربَعِينَ" ہوتی ہے۔ اسی لیے اسے نحو کی اصطلاح میں "مُلحق بجمع المذکر السالم" (جمع مذکر سالم سے ملایا ہوا) کہتے ہیں۔

● اس کلمہ (اربعون یا اربعین) کے معنی ہیں "چالیس"۔ "اربع" (چار) اور "اربعین" (چالیس) اس مادہ (ربع) سے ماخوذ جامد اسماء ہیں یعنی ان کو اہل زبان نے ان معنوں کے لیے بنالیا ہے مگر یہ کسی قاعدہ اور اصول کے تحت بننے والے (مشتق) اسماء نہیں ہیں۔ لفظ "اربعین" (اسی طرح نصبی حالت میں) قرآن کریم میں کل چار جگہ آیا ہے۔

● اس مادہ (ر ب ع) سے فعل مجرد "ربَعَ یربَعُ" (باب فتح سے) مختلف مصادر کے ساتھ مختلف معنی دیتا ہے مثلاً "قیام پذیر ہونا، رسی کو چار بل دینا، انتظار کرنا" وغیرہ اور مزید فیہ کے ابواب تفعیل، تفعل، اِفعال اور افتعال وغیرہ سے بھی اس سے افعال مختلف معانی کے لیے استعمال ہوتے ہیں تاہم قرآن کریم میں اس مادہ (ربع) سے کسی قسم کے فعل (مجرد یا مزید فیہ) کا کوئی صیغہ کہیں نہیں آیا۔ بلکہ صرف "عدد" والے معنی کے مختلف کلمات ۲۲ جگہ وارد ہوئے ہیں یعنی "رُبعٌ" (¼)، "رُباعَ" (چار چار)، "اَربَع" (چار)، "اربعۃ" (چار برائے مذکر)، "اَربَعِین" (چالیس) اور "رَابع" (چوتھا)۔ ان سب پر حسب موقع بات ہوگی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ

۲ : ۳۳ : ۱ (۴) [لَيْـلَةً] کا مادہ "ل ی ل" اور وزن "فَعْـلَةٌ" ہے (لفظ یہاں منصوب آیا ہے جس کی وجہ "الاعراب" میں بیان ہوگی) اس مادہ سے فعل مجرد استعمال ہی نہیں ہوتا۔ مزید فیہ کے ابواب مفاعلہ اور افعال سے یہ بعض معنی کے لیے استعمال ہوتا ہے جو کسی ڈکشنری میں دیکھے جاسکتے ہیں۔ قرآن کریم میں اس مادہ سے کسی قسم کے فعل کا کوئی صیغہ کہیں بھی نہیں آیا۔

● اس مادہ سے اسم جامد "لَيْـلٌ" کے معنی ہیں: "سورج چھپنے کے بعد سے (پھر) سورج نکلنے تک کا وقت" جسے اردو میں "رات" کہتے ہیں۔ یہ اسم جنس ہے اور یہ لفظ "دن (نهارٌ) کے مقابلے پر استعمال ہوتا ہے۔ اگر کسی رات یا چند راتوں کا ذکر کرنا ہو یعنی "لَيْـلٌ" کی جنس سے "بعض" تو اس کے ساتھ تائے وحدت لگا کر لفظ "لَيْـلَةٌ" استعمال ہوتا ہے۔ اردو میں اس کا ترجمہ بھی "رات" ہی ہوگا۔ اس لیے کہ اردو میں کسی جنس کے لیے اور اس کے فرد واحد کے لیے الگ الگ لفظ (اسم) نہیں ہیں۔

● زیر مطالعہ عبارت [۲ : ۳۳ : ۱ (۳،۴)] میں "اربعین لیلۃً" عدد معدود (مرکب عددی) ہے اور اس کا ترجمہ "چالیس راتیں" ہوگا۔ اس پر مزید بحث آگے "الاعراب" میں آرہی ہے۔

۲ : ۳۳ : ۱ (۵) [ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ] "ثُمَّ" کا ترجمہ "پھر"، "اس کے بعد" ہے۔ اس کے معنی اور استعمال

کی مزید وضاحت کے لیے دیکھئے [۲ : ۲۱ : ۱ (۴)] "اِتَّخَذْتُمْ" کا مادہ "ا خ ذ" اور وزن "اِفْتَعَلْتُمْ" ہے۔ اس کی اصلی شکل "اِئْتَخَذْتُمْ" تھی۔ مگر اس مادہ سے بابِ افتعال کے فعل کو عرب لوگ ہمیشہ اس کے ہمزہ ساکنہ (فاء کلمہ) کو "ت" میں بدل کر دوسری "ت" (تائے افتعال) میں مدغم کر کے بولتے ہیں۔ اور اسی چیز کو کتبِ صرف میں "اخذ" کے بابِ افتعال کا قاعدہ ادغام کہہ کر بیان کیا جاتا ہے یعنی ریاضی کی زبان میں "اِئْتَخَذَ = اِيْتَخَذَ = اِتْتَخَذَ = اِتَّخَذَ"۔

● چونکہ یہ مہموز سے بابِ افتعال میں اس قسم کی تبدیلی کی ایک شاذ (بلکہ شاید اکلوتی) مثال ہے (خیال رہے مثال واوی میں بابِ افتعال میں "و" (فاء کلمہ) کا "ت" بن کر تائے افتعال میں ادغام ایک عام قاعدہ (کلیہ) ہے مگر مھموز میں ایسا نہیں ہوتا بلکہ عموماً اس صورت میں "ہمزہ" "ی" میں ہی بدلتا ہے)۔ اسی لیے بعض اہل لغت نے فعل "اتخذ" کا مادہ ہی (ت خ ذ) بتایا ہے۔ اس پر مزید بحث الکہف: ۷۸ میں "لَتَّخَذْتَ" کے ضمن میں آئے گی ان شاء اللہ تعالیٰ۔ تاہم اہل لغت کی اکثریت نے اس کا مادہ "اخذ" ہی قرار دیا ہے اور مہموز الفاء کے بابِ افتعال میں سے اس طرح ادغام والے افعال کی کچھ اور مثالیں بھی دی ہیں[1] مثلاً "اُزر" سے اتَّزَرَ (ازار باندھنا یا پہننا) اور "امن" سے اتَّمَنَ (امین بنانا)۔ اگرچہ ان دونوں افعال کا زیادہ استعمال "اِئْتَزَرَ" اور "اِئْتَمَنَ" کی صورت میں ہوتا ہے (جو ماقبل سے موصول نہ ہونے کی صورت میں "اِيْتَزَرَ" اور "اِيْتَمَنَ" ہوجاتے ہیں)

اس مادہ (اخذ) سے فعل مجرد کے باب معنی اور استعمال پر البقرہ: ۴۸ [۲ : ۳۱ : ۱ (۵)] میں بات ہو چکی ہے۔

● "اتخذتم" (زیر مطالعہ لفظ) علیٰ قول الاکثر اس مادہ (اخذ) سے باب افتعال کا فعل ماضی صیغہ جمع مذکر حاضر ہے۔ اور اس باب (افتعال) سے اس کے فعل اِتَّخَذَ ... يَتَّخِذُ اِتِّخَاذاً (اصلی شکل اوپر بیان ہوئی ہے) کے معنی ہیں: "... کو ... بنا لینا"۔ اردو میں کبھی اس کا ترجمہ "پکڑنا" بھی کر لیا جاتا ہے مگر اس میں مفہوم "بنا لینا" کا ہی ہوتا ہے۔ عموماً اس فعل کے دو مفعول آتے ہیں جن کے مطابق حسبِ موقع اس فعل کا ترجمہ "حاصل کرنا، تیار کرنا، اختیار کرنا" کر لیا جاتا ہے۔ بعض دفعہ اس کا مفعول ثانی محذوف (غیر مذکور) ہوتا ہے (جو سیاقِ عبارت سے سمجھا جا سکتا ہے) جیسے اس زیر مطالعہ آیت میں ہے

---

[1] مثلاً راغب نے "اخذ" کے علاوہ "تخذ" ایک الگ مادہ کے طور پر لیا ہے اور القاموس المحیط (فیروز آبادی) میں "اخذ" کے علاوہ "تخذ" مادہ بھی لیا گیا ہے اور وہاں (مادہ تخذ کے تحت) کتاب کے متن اور حاشیے میں "اتخاذ" کے "اخذ" یا "تخذ" سے مشتق ہونے یا نہ ہونے کے دلائل مذکور ہیں۔

● قرآنِ کریم میں اس فعل (اتخذ یتخذ) کے مختلف صیغے ۲۰۱ سے زائد مقامات پر آئے ہیں اور اس کے مشتقات اور مصادر بھی پچاس کے قریب جگہوں پر آئے ہیں۔

زیرِ مطالعہ صیغہ (اتخذتم) کے مندرجہ بالا معنیٰ کو سامنے رکھتے ہوئے بیشتر مترجمین نے اس کا ترجمہ "تم نے پکڑا، بنا لیا، تجویز کر لیا، اختیار کیا، مقرر کر لیا" سے کیا ہے۔ جبکہ بعض نے محاورۃً "تم لے بیٹھے" سے تعبیر کیا ہے۔ بعض نے اس کا ترجمہ "تم نے پوجا شروع کر دی" کیا ہے جو تفسیری ترجمہ ہے اور بظاہر الفاظ سے بالکل ہٹ کر ہے۔ اگرچہ معنیٰ مراد یہاں یہی ہے۔

۲:۳۳:۱(۶) [اَلْعِجْلَ] کا مادہ "ع ج ل" اور وزن (لام تعریف نکال کر) "فِعْلٌ" ہے (عبارت میں یہ لفظ منصوب آیا ہے جس پر "الاعراب" میں بات ہوگی)۔ اس مادہ سے فعل مجرد عجِل یعجَل عَجَلًا عَجَلَةً (باب سمع سے) لازم متعدی دونوں طرح استعمال ہوتا ہے۔ اس کے بنیادی معنیٰ "جلدی کرنا، جلدی میں ہونا" ہیں۔ بطور متعدی استعمال ہو تو اس کے معنی ہوتے ہیں ..... سے آگے نکل جانا، پہل کر جانا۔ اس صورت میں اس کا مفعول بنفسہ آتا ہے مثلاً کہتے ہیں عجِل فلانًا (اَوِ) الامرَ (اس نے فلاں سے (یا) اس معاملے میں پہل کر دی) اور اسی سے ہے أَعَجِلتم امرَ ربّكم (الاعراف: ۱۴۹) (یعنی کیا تم نے اپنے رب کے حکم سے پہلے ہی جلد بازی کر ڈالی) ——— بطور فعل لازم یہ مختلف صلات کے ساتھ مختلف معنی دیتا ہے مثلاً (۱) عجِل ب ..... کو لے دوڑنا یعنی حاصل کرنے میں جلدی کرنا۔ اس استعمال کی مثال (طٰہٰ: ۱۱۴۔ اور القیامۃ ۱۶) میں ہے (۲) عجِل اِلی .... کے معنی ہیں .... کی طرف جلدی سے جانا، .... کی طرف جانے میں جلدی کرنا" اس کی مثال (طٰہٰ: ۸۴) میں ہے اور (۳) عجِل علی .. کا مطلب ہے .... کے بارے میں جلدی کرنا یعنی ان کے بارے میں جلدی فیصلہ چاہنا" قرآنِ کریم میں یہ استعمال (مریم: ۸۵) میں موجود ہے۔ قرآنِ کریم میں اس فعل مجرد کے مختلف صیغے پانچ جگہ استعمال ہوتے ہیں۔ مزید فیہ کے باب تفعیل سے صیغہ ہائے فعل پانچ جگہ باب اِفعال اور تفعل سے صرف ایک ایک صیغہ اور باب استفعال سے کچھ صیغے ۱۹ جگہ آئے ہیں۔ اس کے علاوہ مصادر و مشتقات اور بعض جامد اسماء کل ۱۵ مقامات پر وارد ہوتے ہیں۔

● زیرِ مطالعہ لفظ "العِجْل" (یا عِجْلٌ) اس مادہ سے ایک اسم جامد ہے اور اردو میں اس کے معنی ہیں "بچھڑا، گئو سالہ یا گوسالہ"۔ بعض کتب لغت میں "عِجْل" کا مطلب "گائے کا ایک سال یا ایک مہینے کی عمر تک کا نر بچہ" لکھا ہے[س]۔ بچھڑی کو "عِجْلَة" کہتے ہیں۔ عربی زبان میں (اونٹ گھوڑے وغیرہ کی

س البستان مادہ عجل۔ اور الإفصاح فی فقہ اللغۃ ج ۲۔ ص ۷۹۹۔ فقہ اللغۃ (للثعالبی) باب ۱۴ فصل ۴۔

طرح) گائے کے لیے عمر کے مختلف حصوں کے لیے دس کے قریب اسماء استعمال ہوتے ہیں جن میں سے دو "عَوَانٌ" اور "فَارِضٌ" بہت جلد ہمارے سامنے آئیں گے۔ لفظ "عِجْل" مختلف صورتوں (معرفہ نکرہ) میں اور مختلف اعرابی حالتوں میں قرآن کریم کے اندر کل ۹ مقامات پر وارد ہوا ہے۔

۲:۳۳:۱(۷) [مِنْ بَعْدِهٖ] یہ تین کلمات ہیں (۱) "مِنْ" جس کا یہاں کوئی الگ ترجمہ نہیں ہوگا بلکہ یہ بلحاظ ترکیب ہی نہیں بلحاظ معنی بھی "بَعْد" ہی کا حصہ ہے (۲) "بَعْد" جس پر ہم ابھی بات کریں گے کیونکہ یہ اپنے مادے سے پہلا لفظ ہے جو ہمارے سامنے آیا ہے (۳) "ہٖ" (ضمیر مجرور متصل بمعنی "اس کا/کے") ہے۔

● "بَعْدٌ" (جو عبارت میں مجرور اور خفیف آیا ہے اور جس کی وجہ "الاعراب" میں بیان ہوگی) کا مادہ "ب ع د" اور وزن (بحالتِ رفع) "فَعْلٌ" ہے۔

اس مادہ سے فعل مجرد (جس سے صرف ماضی کے دو صیغے قرآن کریم میں استعمال ہوئے ہیں) بعِد یبعَد بعدًا (سمع سے) اور بعُد یبعُد بُعدًا (کرم سے) آتا ہے اور دونوں کے بنیادی معنی: "دور ہونا" "دور ہو جانا" فاصلے پر ہونا" ہیں۔ یہ دونوں صورتوں میں فعل لازم ہے مگر "ب" کا صلہ لگا کر اسے متعدی (خصوصاً باب سمع سے) بنایا جا سکتا ہے مثلاً کہہ سکتے ہیں "بعِد به عن ....." (وہ اس کو .... سے دور لے گیا) تاہم یہ استعمال قرآن کریم میں نہیں آیا۔ عربی زبان میں بطور محاورہ یہ فعل (دونوں ابواب سے) "ہلاک ہونا، تباہ ہونا" کے معنی میں استعمال ہوتے ہیں۔ قرآن کریم میں یہ فعل باب سمع سے "ہلاک ہو جانا" کے معنی میں اور باب کرم سے "دور فاصلے پر ہونا" کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔ اس مادہ سے فعل کا استعمال پہلی دفعہ "سورۃ التوبۃ" میں ہمارے سامنے آئے گا۔ قرآن کریم میں اس فعل مجرد سے فعل کے صرف دو صیغے (دو جگہ) اور باب مفاعلہ سے صرف ایک ہی صیغہ فعل آیا ہے۔ البتہ اس مادہ سے اسمائے جامدہ و مشتقہ اور مصادر وغیرہ (بعد کے علاوہ) ۳۳ جگہ آئے ہیں۔

● زیر مطالعہ کلمہ "بَعْدٌ" اس مادہ سے ماخوذ ایک اسم مبہم (غیر واضح) ہے جو ظرف کا کام دیتا ہے اور مضاف ہوئے بغیر یعنی مضاف الیہ کے بغیر اس کے معنی واضح نہیں ہوتے (اور اسی لیے اسے اسم مبہم کہتے ہیں)۔ مضاف ہو کر آئے تو بوجہ ظرفیت منصوب ہوتا ہے۔ جیسے "بَعْدَہٗ" میں ہے۔ یہ لفظ اردو میں مستعمل ہے بلکہ یہ اردو میں بھی ہمیشہ مضاف ہو کر استعمال ہوتا جیسے "اس کے بعد"۔ عربی زبان میں اس سے پہلے "مِنْ" آجائے تو لفظ "بعد" مجرور بھی ہو جاتا ہے جیسے "مِنْ بعدہٖ" میں ہے اس صورت میں مِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا (مثلاً "اس کے بعد سے") بلکہ اردو ترجمہ بعدہ اور من بعدہ (دونوں کا) "اس کے بعد" ہی ہوگا۔ بعض جگہ اردو میں اس کا ترجمہ "اس کے پیچھے" بھی کیا جا سکتا ہے۔

بعض دفعہ اس (بَعْد) کا مضاف الیہ محذوف کر دیا جاتا ہے اس وقت یہ (بعدُ) مبنی بر ضمہ ہو جاتا ہے یعنی ہر صورت میں اس کے آخر پر ضمہ (ـُـ) ہی رہتا ہے۔ چاہے پہلے "مِنْ" بھی کیوں نہ لگا ہو۔ (بلکہ اس صورت۔ حذفِ مضاف الیہ۔ میں اس سے پہلے عموماً "مِنْ" ضرور استعمال ہوتا ہے مثلاً کہیں گے "مِنْ بعدُ" اس کا اردو ترجمہ "بعد میں بھی" سے کرنا موزوں ہوتا ہے۔ دیکھئے مقابلے کے لیے "قَبْلُ" کا استعمال [۲:۳۱:۱(۴)] میں۔

خیال رہے کہ "بعد" بطور اسم معرب (بعدٌ، بعداً) بہت ہی کم استعمال ہوتا ہے بلکہ معرب ہو کر بھی یہ ظرف منصوب ہی رہتا ہے۔ مثلاً "بَعْداً" کا مطلب بھی "بعد میں یا بعد میں کبھی" کا ہی ہوگا۔ تاہم قرآن کریم میں یہ (منصوب معرب والا) استعمال کہیں نہیں آیا۔ البتہ بغیر حرف الجر اضافت (بعدَہ) مع الجر اضافت (من بعدِہ) اور مقطوع الاضافت صورت (مِن بعدُ) یعنی ان تینوں شکلوں میں یہ لفظ (بعد) قرآن کریم میں ۲۰ کے قریب مقامات پر استعمال ہوا ہے۔

● آیت زیر مطالعہ میں "من بعدہ" کی ضمیر مجرور موسیٰ علیہ السلام کے لیے ہے۔ اور یہاں "من بعدہ" (اس کے بعد) کا مطلب "ان کی موت کے بعد" نہیں (کیونکہ بعض جگہ یہ ترکیب یہ معنی بھی دیتی ہے) بلکہ "اس کے (طور پر چلے جانے) کے بعد" مراد ہے اور یہ مفہوم سیاق قصہ سے معلوم ہوتا ہے اسی لیے اردو مترجمین نے یہاں "من بعدہ" کا ترجمہ اگرچہ "اس کے پیچھے" سے بھی کیا ہے تاہم بیشتر حضرات نے اس کا ترجمہ "ان کے گئے پیچھے" سے کیا ہے اور بعض نے ضمیر کی بجائے اسم ظاہر (موسیٰؑ) کے ساتھ ہی ترجمہ کیا ہے یعنی "موسیٰؑ کے بعد" یا موسیٰ کے جانے کے بعد" کی صورت میں۔ ظاہر ہے اسے تفسیری ترجمہ سمجھ کر ہی درست کہا جا سکتا ہے۔

۲:۳۳:۱(۸) [وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ] یہاں بھی "وَ" حالیہ بمعنی "درانحالیکہ یا صورتِ حال یہ تھی کہ" ہے اور "اَنتم" ضمیر مرفوع منفصل بمعنی "تم" ہے۔

"ظٰلِمُوْنَ" کا مادہ "ظ ل م" اور وزن "فاعِلُون" ہے۔ اس سے فعل مجرد "ظلَم یَظلِمُ ظُلماً" (عموماً ضرب سے) آتا ہے اور اس کے معنی ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ پر ظلم کرنا (لفظ "ظلم" اپنے اصل عربی معنی کے ساتھ اردو میں مستعمل ہے) ۔ ۔ ۔ ۔ کی حق تلفی کرنا، حد سے بڑھنا، کسی چیز کو غلط جگہ پر رکھنا" وغیرہ۔ کبھی یہ فعل باب سمع سے بمعنی "رات کا تاریک ہونا" بھی استعمال ہوتا ہے مثلاً کہتے ہیں: ظَلِمَ اللیلُ ظَلَماً۔ "رات خوب تاریک ہوگئی" تاہم یہ استعمال (بطور فعل) قرآن کریم میں نہیں آیا۔

● یہ فعل (ظلَم یظلِمُ) متعدی فعل ہے۔ اس کا مفعول بنفسہ آتا ہے۔ جیسے ۔ ۔ ۔ فقد ظلَمَ نفسَہ (البقرہ: ۲۳۱) (۔ ۔ ۔ پس اس نے اپنے آپ پر ہی ظلم کیا)۔ "حق تلفی" والے معنی کے لیے اس کے

دو مفعول (بنفسہٖ) بھی استعمال ہوتے ہیں مثلاً کہتے ہیں: ظَلَمَہٗ حَقَّہٗ (اس نے اس کا حق مارا)۔ یہ (دو مفعول والا استعمال قرآن کریم میں نہیں آیا بلکہ قرآن کریم میں تو اکثر اس کا ایک مفعول (جس پر ظلم کیا) بھی محذوف (غیر مذکور) ہوتا ہے جو سیاقِ عبارت سے سمجھا جا سکتا ہے۔

قرآنِ کریم میں اس فعل مجرد سے مختلف صیغہ ہائے فعل سو سے بھی زیادہ جگہ آئے ہیں۔ اور مصادر و مشتقات دو سو سے بھی زائد مقامات پر وارد ہوتے ہیں۔

● زیر مطالعہ لفظ (ظالمون) اس فعل مجرد (ظلَم یظلِم) سے اسم الفاعل "ظالِمٌ" کی جمع مذکر سالم ہے اور اردو میں اس کا لفظی ترجمہ "ظلم کرنے والے" ہی بنتا ہے۔ اکثر مترجمین نے اس عبارت (وانتم ظالمون) کا ترجمہ "اور تم ظالم تھے یا (سخت) ظالم تھے" ہی کیا ہے۔ بعض نے "تم بے انصاف ہوئے" ترجمہ کیا ہے اور بعض نے "یہ تمہاری بے انصافی تھی" (یعنی بچھڑا پوجنا) کو اختیار کیا ہے جو عبارت کے لفظ سے ہٹ کر ہے۔ اگرچہ مفہوم درست ہے۔ بعض حضرات نے اردو محاورے کا زور پیدا کرنے کے لیے ترجمہ "اور تم نے ظلم پر کمر باندھ رکھی تھی" کیا ہے جو خواہ مخواہ کا تکلف معلوم ہوتا ہے۔ بعض حضرات نے "تم ظلم کر رہے تھے" سے ترجمہ کیا ہے جو "ظالمون" کی بجائے "تظلمون" کا ترجمہ معلوم ہوتا ہے۔ ان تمام تراجم میں "تھے" یا "تھی" کے ساتھ ترجمہ آیت کے ابتدائی "وَاِذْ" کی وجہ سے ہے جو ظرف برائے زمانہ ماضی ہے۔ ورنہ جملہ اسمیہ ہونے کے اعتبار سے تو اس کا ترجمہ "تم ظالم ہو" ہی ہونا چاہیے۔

۲ : ۳۳ : ۱ (۹) [ثُمَّ عَفَوْنَا عَنْكُمْ] "ثُمَّ" (بمعنی پھر، اس کے بعد، پس) پر کئی دفعہ بات ہوئی ہے۔ "عفونا" پر ابھی بات ہوگی۔ اور "عنکم" میں "عن" اسی زیر مطالعہ فعل (عفونا) کا صلہ ہے اس پر بھی اس کے ساتھ بات ہوئی اور آخری ضمیر مجرور "کُمْ" یہاں بمعنی "تم سے" آئی ہے (بوجہ "عَن")

"عَفَوْنَا" کا مادہ "ع ف و" اور وزن "فَعَلْنَا" ہے۔ (یہ اپنی اصلی شکل میں۔ بغیر کسی قسم کی تعلیل کے ہے صرف واو لینہ کی وجہ سے تلفظ مختلف ہو جاتا ہے) یہ فعل ماضی معروف کا صیغہ جمع متکلم ہے۔

● اس ثلاثی مادہ سے فعل مجرد "عفا یعفو (در اصل عفَوَ یَعْفُوُ) عَفْوًا" (باب نصر سے) آتا ہے اور بطور لازم متعدی مختلف معنی کے لیے استعمال ہوتا ہے مثلاً (۱) "مٹ جانا" کہتے ہیں "عفا الاَثرُ" (نشان مٹ گیا)۔ (۲) "زیادہ ہونا" کہتے ہیں "عفا الشیئُ" (چیز زیادہ ہو گئی) اور اسی کا مطلب "چیز پوشیدہ ہو گئی" بھی ہے (۳) "مٹا دینا" مثلاً "عفتِ الریحُ الاَثرَ" (ہوا نے نشان مٹا دیا) (۴) بڑھا دینا یا زیادہ کرنا مثلاً "عفا الشَعْرَ" (اس نے بال بڑھا لیے)۔ اور یہ تو اس فعل کے بغیر صلہ کے چند استعمالات ہیں۔ صلہ (خصوصاً "عَنْ" یا "لِ") کے ساتھ یہ زیادہ تر "درگزر کرنا، سزا نہ دینا، معاف کر دینا" کے معنی دیتا ہے (خیال رہے کہ خود لفظ "مُعَاف" اسی مادہ سے مشتق ہے اور اپنی اصل عربی

شکل "مُعَافیٰ" بمعنی "آزاد کیا ہوا" "چھوڑ دیا ہوا" سے ذرا سا بدل کر اردو میں مستعمل ہے) اور صلہ کے ساتھ (ان معنی کے لیے) استعمال کی کئی صورتیں ہیں مثلاً (۱) "عفا اللّٰہُ عَنْہُ" اللہ تعالیٰ نے اس سے درگزر کیا، معاف کر دیا" (۲) "عفا اللّٰہُ عَنْ ذَنْبِہٖ" اللہ نے اس کا گناہ معاف کر دیا یعنی اس کے گناہ کے بارے میں درگزر سے کام لیا اور (۳) "عفا اللّٰہ عَنْہُ ذَنْبَہٗ" اللہ نے اس کا گناہ اس کو معاف کر دیا اور (۴) "عفا اللّٰہُ لَہٗ ذنبہٗ" کا مطلب بھی یہی ہے (۵) "عفالَہٗ بمالِہٖ" کا مطلب ہے "اس نے اس کو اپنے مال میں سے زیادہ دیا۔ گویا یہاں "عفا" وہی زیادہ کرنا، بڑھا دینا والے معنی میں ہی استعمال ہوا ہے۔

● آپ کو عربی ڈکشنریوں میں اس فعل (عفا یعفو) کے کچھ اور معانی اور استعمالات بھی مل سکتے ہیں جو قرآن میں نہیں آئے۔ قرآن کریم میں یہ فعل زیادہ تر "درگزر کرنا" والے معنی کے لیے ہی آیا ہے، ۱۸ جگہ "عَن" کے صلہ کے ساتھ اور کم از کم آٹھ جگہ "عَنْ" کے حذف کے ساتھ مگر اسی مفہوم میں آیا ہے یعنی وہاں یہ مذکور نہیں کہ کس شخص یا کس جرم سے درگزر مراد ہے) صرف ایک جگہ یہ فعل "درگزر" والے معنی میں مگر "عن" کی بجائے "لِ" کے ساتھ آیا ہے۔ (البقرہ: ۲۷۸) اور صرف ایک ہی جگہ یہ (بطور صیغہ فعل) "زیادہ ہونا" اور "کثیر ہونا" کے معنی میں آیا ہے (الاعراف: ۹۵)۔ مندرجہ بالا بعض دیگر معانی (مٹنا مٹانا، پوشیدہ ہونا، بڑھا دینا وغیرہ) بھی قرآن کریم میں استعمال نہیں ہوئے۔ تاہم غور سے دیکھا جائے تو "معافی اور درگزر" میں بھی اصل مفہوم "مٹا دینے" کا موجود ہے۔

● مجرد کے علاوہ عام عربی میں یہ مادہ (عفو) مزید فیہ کے متعدد ابواب (افعال، تفعیل، مفاعلہ، افتعال، استفعال وغیرہ) سے بھی مختلف معانی کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ تاہم قرآن کریم میں اس سے صرف فعل مجرد کے ہی صیغہ ہائے فعل ۲۵ سے زیادہ مقامات پر آئے ہیں۔ اور اس کے بعض مشتقات (عفو، عَفُوٌّ، عافین وغیرہ) بھی سات جگہ وارد ہوئے ہیں۔ ان سب پر حسبِ موقع بات ہوگی۔ ان شاء اللہ۔

● زیرِ مطالعہ عبارت "ثم عَفَوْنا عنکم" کا لفظی ترجمہ بنتا ہے "پھر ہم نے تم سے درگزر کیا"۔ اسی کو "معاف کیا تم کو" "تمہیں معافی دی، معاف کر دیا، معاف فرمایا" کی صورت بھی دی گئی ہے بعض نے "تمہارا قصور معاف کر دیا" سے ترجمہ کیا ہے۔ اس میں اصل محذوف مفعول کو سامنے رکھا گیا ہے یعنی "عفونا عنکم ذنبکم" (دیکھئے اوپر صلات کے ساتھ اس فعل کے استعمال کی ۳ صورت)۔ قرآن کریم میں یہ فعل جہاں جہاں بھی "معاف کرنا" کے معنی میں آیا ہے وہاں "جس کو معافی ملی" وہ تو مذکور یا مقدر موجود ہے مگر "جس کام کی" معافی ملی (یعنی خطا، جرم، قصور وغیرہ) وہ سب جگہ محذوف ہے جو عبارت سے سمجھا جا سکتا ہے۔

[مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ] اس مرکب کے تینوں اجزاء (من + بعد + ذلك) پر الگ الگ پہلے کئی جگہ بات ہو چکی ہے اور "بعد" کا استعمال وغیرہ) تو ابھی اوپر [۲ : ۳۳ : ۱ (۷)] بیان ہوا ہے۔ اس طرح اس

حصۂ عبارت کا ترجمہ ہوا "اس کے بعد / پیچھے"۔ جسے بعض مترجمین نے "اس پر بھی" "اس کے بعد بھی" سے ترجمہ کیا ہے۔ اس میں "بھی" محاورے کے زور کے لیے ہے۔ بعض نے "اتنی بڑی بات ہوئے پیچھے" سے ترجمہ کیا ہے۔ اسے تفسیری ترجمہ بلکہ مفہوم ہی کہہ سکتے ہیں۔ یہ اصل الفاظ سے تو بالکل ہٹ کر ہے۔

۲ : ۳۳ : ۱ (۱۰) [لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ] "لَعَلَّكُمْ" کا ترجمہ ہے "شاید کہ تم" یا "امید ہے کہ تم" بعض نے "امید" میں "مقصد" کا مفہوم پاکر اس کا ترجمہ "اس لیے کہ تم" "کہ کہیں تم" اور "تاکہ تم" سے کیا ہے "لَعَلَّ" کے مادہ، معنی اور اس مادہ سے کسی اور لفظ کے عدم استعمال پر البقرہ : ۲۱ [۲ : ۱۶ : ۱ (۴)] میں بات ہو چکی ہے۔

"تَشْكُرُوْنَ" کا مادہ "ش ک ر" اور وزن "تَفْعَلُوْنَ" ہے اس مادہ سے فعل مجرد "شَكَرَ ... يَشْكُرُ شكرًا" (زیادہ تر باب نصر سے) آتا ہے اور اس کے معنی ہیں: "... کی نعمت یاد کرنا اور اس کا اظہار اور اعتراف کرنا" اور اسی کو ... کا شکر کرنا، ... کا احسان ماننا یا ... کا شکر گزار بننا" سے بھی تعبیر کیا جاتا ہے (لفظ شکر اپنے اصل عربی مفہوم کے ساتھ اُردو میں متعارف ہے)۔ یہ فعل براہِ راست مفعول (بنفسہ) کے ساتھ بھی استعمال ہوتا ہے اور لام (لِ) کے صلہ کے ساتھ بھی۔ اور شاذ "ب" کے صلہ کے ساتھ بھی مثلاً کہتے ہیں "شکر اللہَ وشکر لِلّٰہ وشکر باللّٰہ" (اس نے اللہ کا شکر ادا کیا)۔ اگر مفعول اسم جلالت (اللہ) یا اس کے لیے کوئی ضمیر ہو تو لام کے صلہ والا استعمال زیادہ فصیح سمجھا جاتا ہے۔ قرآن کریم میں "باء (ب)" کے صلہ والا استعمال کہیں نہیں آیا پہلے دونوں استعمال (بنفسہ یا بصلہ لام) آتے ہیں۔ اگر مفعول "نعمة اللہ" ہو تو یہ زیادہ تر براہِ راست (بغیر صلہ کے) آتا ہے مثلاً کہیں گے "شکر نعمةَ اللہِ" (اس نے اللہ کی نعمت کا شکر ادا کیا) یہ استعمال بھی قرآن کریم میں وارد ہوا ہے۔

● عام عربی میں یہ فعل اس باب (نصر) سے بھی اور بابِ سمع سے (شکِر یشکَر) بعض ایسے معانی (مثلاً جانور کا تھوڑی خوراک پر بھی موٹا ہونا، درخت کی شاخیں نکلنا، بادل کا بارش سے بھر جانا وغیرہ) کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے جو قرآن کریم میں استعمال نہیں ہوئے۔

● قرآن کریم میں یہ فعل صرف باب نصر سے اور بمعنی "شکر کرنا" ہی استعمال ہوا ہے۔ قرآن کریم میں صرف اس فعل مجرد سے مختلف صیغے ۴۶ جگہ آئے ہیں جن میں سے ۶ جگہ یہ فعل لام (ل) کے صلہ کے ساتھ اور صرف تین جگہ مفعول بنفسہ کے ساتھ آیا ہے۔ باقی تمام مقامات پر مفعول محذوف (غیر مذکور) ہے مگر وہ سیاقِ عبارت سے سمجھا جاتا ہے یعنی "لِلّٰہِ" یا "نعمة اللہِ"

● جب اس فعل کا فاعل "اللہ تعالیٰ" ہو تو اس کے معنی "اچھا اجر دینا" یا "قدر دانی کرنا" ہوتے ہیں مثلاً کہتے ہیں: "شکر اللہُ سَعْيَهٗ" (اللہ نے اس کی کوشش کا پھل دیا / کی قدر دانی کی) اس معنی میں

قرآن کریم کے اندر کوئی صیغۂ فعل تو نہیں آیا البتہ اس سے اسم الفاعل "شاکر" (اللہ تعالیٰ کے لیے) اور نیک اعمال کے لیے اسم صفت بصیغۂ اسم المفعول "مشکور" آتے ہیں۔ اس کے علاوہ قرآن کریم میں اس مادہ اور فعل مجرد سے مختلف مصادر اور اسماء مشتقہ ۲۹ جگہ آتے ہیں۔ جن پر حسبِ موقع بات ہو گی۔ اِن شاء اللہ تعالیٰ۔

● زیر مطالعہ لفظ "تشکرون" اس فعل مجرد (شکَر یشکُر) سے فعل مضارع معروف کا صیغہ جمع مذکر حاضر ہے۔ اس کا لفظی ترجمہ تو فعل حال یا مستقبل کے ساتھ یعنی "تم شکر کرتے ہو یا شکر کرو گے" ہونا چاہیے مگر شروع میں "لعلکم" (شاید کہ تم، امید ہے کہ تم) لگنے سے اب اس کا بامحاورہ اردو ترجمہ "تم شکر کرو، شکر گزار بنو، احسان مانو" سے کیا گیا ہے۔ یہ ترجمہ فعل امر کا نہیں (جیسا کہ بظاہر لگتا ہے) بلکہ مضارع کا ہی ہے۔

۲: ۳۳: ۱(۱۱) [وَاِذْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ] اس عبارت کے پانچوں اجزاء (وَ + اذ + آتینا + موسیٰ + الکتب) کا الگ الگ بیان یوں ہے۔۔۔۔ "وَاِذْ" "وَ" کے معانی پر [۲: ۷: ۱(۱)] میں اور "اِذْ" کے استعمال پر [۲: ۲۲: ۱(۱)] پر (پہلی دفعہ) بات ہوئی تھی۔ اس کے بعد بھی یہ کئی دفعہ گزر چکا ہے (دو دفعہ تو ۲: ۳۲: ۱ میں آیا ہے) اس کا ترجمہ "اور جب" ہے "اٰتَیْنَا" کا مادہ "ا ت ی" اور وزن "اَفْعَلْنَا" ہے جو دراصل "أَأْتَيْنَا" تھا۔ پھر ہمزۂ مفتوحہ کے بعد ہمزۂ ساکنہ الف کی آواز دیتا ہے اور اب اسے "ءَا" یا "ا" "آ" لکھا جاتا ہے ("آ" والی شکل عام عربی میں (بلکہ اردو فارسی میں بھی) مستعمل ہے مگر اسے کتابت مصحف کے ضبط میں استعمال نہیں کیا جاتا)

اس مادہ سے فعل مجرد (اتی یاتی) کی بحث البقرہ ۲۳: [۲: ۱۷: ۱(۴)] میں گزر چکی ہے۔ زیر مطالعہ لفظ (آتینا) اس مادہ (اتی) سے بابِ افعال کا فعل ماضی صیغہ جمع متکلم ہے۔ بابِ افعال سے اس فعل "آتی یُؤْتِی اِیْتَاءً" (بمعنی دینا یا ادا کرنا) کے معانی اور اس کے متعدی بدو مفعول ہونے کی البقرہ ۴۳: [۲: ۲۹: ۱(۵)] میں وضاحت کی جا چکی ہے اس کا ترجمہ "ہم نے دیا، عطا کیا، عنایت فرمایا" کی صورت میں کیا جا سکتا ہے۔

